صحیح مُسلم

ابوالحسین مسلم بن الحجاج القشیری النیسابوری

(٢٠٤ھ-٢٦١ھ)

اردو ترجمہ کے ساتھ

جلد پنجم

نور فاؤنڈیشن

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم

نام کتاب: صحیح مسلم (اردو ترجمہ کے ساتھ)
جلد: پنجم
ایڈیشن: اول
سن اشاعت: مارچ 2010ء
ناشر: نور فاؤنڈیشن لندن

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدّمہ

حضرت امام مسلم کا پورا نام ابوالحسین مسلم بن الحجاج بن مسلم القشیری تھا۔ابوالحسین آپ کی کنیت تھی اور عساکرالدین لقب تھا۔آپ قبیلہ بنوقشیر سے تعلق رکھتے تھے جوعرب کا ایک مشہور خاندان تھا۔اور خراسان کامشہور شہرنیشاپور آپ کا وطن تھا۔امام مسلم 204ھ میں پیدا ہوئے۔لیکن بعض علماء اور مورخین کی تحقیق یہ ہے کہ آپ کی ولادت 206ھ میں ہوئی۔آپ نے 24 رجب 261ھ کو 55 سال کی عمر میں نیشاپور میں وفات پائی اور وہیں آپ کی تدفین ہوئی۔آپ کی شہرۂ آفاق تالیف وتصنیف **صحیح مسلم** ہے جس کو بخاری کے بعد اصح الکتب کہا جاتا ہے۔امام مسلم نے 3 لاکھ احادیث میں سے جانچ پڑتال کرکے تالیف کیا۔اور یہ احادیث ان کے مجوزہ معیار کے اعتبار سے مستند اور معتمد ہیں۔

صحیح مسلم کے ترجمہ کا عربی متن ہم اس کتاب سے لے رہے ہیں جو **دارالکتاب العربی** بیروت لبنان (طبع اولیٰ 2004) کے نسخہ کے مطابق ہے۔اس میں 7563 روایات ہیں۔مگر یہ بات ذہن نشین رہے کہ اس تعداد میں بعض جگہ صرف اسناد کی بحث ہے یا پھر "مثلہ" کہہ کر پچھلی حدیث کے ساتھ سند کے مضمون کو ملادیا گیا ہے۔جبکہ ترقیم فؤاد عبدالباقی کے مطابق **صحیح مسلم** کی احادیث کی تعداد 3033 بنتی ہے۔اس ترقیم میں بعض اوقات دو احادیث یا تین احادیث کے مضمون کو اکٹھا کردیا گیا ہے۔

یہ مدنظر رہے کہ **صحیح مسلم** کے ابواب حضرت امام مسلمؒ کے تجویز کردہ نہیں ہیں جیسا کہ **صحیح مسلم** کے مشہور شارح حضرت امام نوویؒ کہتے ہیں:

"ان ابواب کا عنوان امام مسلم کا تجویز کردہ نہیں ہے۔بلکہ بعد کے لوگوں نے یہ عناوین مقرر کئے ہیں۔"

(المنہاج شرح مسلم صفحہ 23،24 دارابن حزم مطبع بیروت ایڈیشن 2002)

ترجمہ کرنا اور خصوصًا مذہبی کتب کا ترجمہ کرنا آسان کام نہیں۔کیونکہ مذہبی کتب کے ترجمہ میں جہاں متن

سے وفاداری کا خیال رکھنا پڑتا ہے وہاں عربی متن کا ایسا لفظی ترجمہ بھی درست نہیں ہوگا جو اصل مفہوم سے دور لے جائے۔ بڑی محنت اور جانفشانی سے ان باتوں کو مدنظر رکھ کر ترجمہ کیا جارہا ہے۔

اس وقت **صحیح مسلم** کے ترجمہ کا کام جاری ہے۔جس کی پانچویں جلد **کتاب الصیام** اور **کتاب الاعتکاف** پر مشتمل ہے۔

صحیح مسلم جلد پنجم میں ابواب کی ترقیم **دارالکتاب العربی بیروت الطبعة الاولیٰ** کے مطابق ہے۔باب کے ساتھ 2 نمبرز ہیں۔بریکٹ والا نمبر''**المعجم المفھرس**'' کے مطابق ہے۔ بریکٹ سے باہر والا نمبر ''**تحفة الاشراف للمزی**'' کے مطابق ہے۔

اسی طرح ہر حدیث کے 3 نمبرز ہیں بریکٹ والا نمبر''**المعجم المفھرس للاحادیث**'' کے مطابق ہے اور بریکٹ سے باہر والا نمبر نور فاؤنڈیشن کی قائم کردہ ترقیم کے مطابق ہے۔اور یہ نمبر مسلسل رہے گا۔ مثلاً جلد اول حدیث نمبر 1 سے 319 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد دوم حدیث نمبر 320 سے 799 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔جلد سوم حدیث نمبر 800 سے 1384 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔جلد چہارم حدیث نمبر 1385 سے 1778 تک کی احادیث پر مشتمل ہے۔جلد پنجم حدیث نمبر 1779 سے 1997 تک کی احادیث پر مشتمل ہے۔چھٹی جلد انشاءاللہ حدیث نمبر 1998 سے شروع ہوگی۔ ہر حدیث کے آخر پر جو نمبر دیا گیا ہے وہ **صحیح مسلم مطبوعہ دارالکتاب العربی بیروت** کے مطابق ہے۔

جلد نمبر 5 میں موجود ہر حدیث کی اطراف اور تخریج حاشیہ میں درج کی گئی ہے۔اطراف سے مراد یہ ہے کہ کوئی حدیث جو مسلم میں موجود ہے وہ مسلم میں اور کہاں کہاں آتی ہے۔اسی طرح تخریج سے مراد یہ ہے کہ مسلم کے علاوہ وہ حدیث باقی صحاح میں کہاں کہاں موجود ہے۔ان احادیث کے اطراف اور تخریج کے ساتھ اس بات کی بھی وضاحت کر دی گئی ہے کہ کسی کتاب کی اندرونی تقسیم میں وہ حدیث کس عنوان یا کتاب کے تحت آرہی ہے۔مثلاً

مسلم جلد 5 **کتاب الصیام** کی روایت نمبر 1779 کے مضمون کی ایک اور حدیث مسلم کی ہی کتاب کے **کتاب الصیام** میں حدیث نمبر 1780 **باب فضل شهر رمضان** میں بھی موجود ہے۔

جس کا ذکر اطراف میں کر دیا گیا ہے۔اسی طرح مسلم کتاب الصیام کی حدیث نمبر 1779 بخاری میں کتاب الصوم حدیث نمبر 1898 اور 1899 باب هل يقال رمضان او شهر رمضان ومن رأى كله واسعًا میں موجود ہے اسی طرح بخاری کے ہی عنوان کتاب بدء الخلق میں حدیث نمبر 3277 باب صفة ابليس وجنوده کا مضمون مسلم کی حدیث نمبر 1779 کتاب الصیام باب فضل شهر رمضان کے مطابق ہے۔مسلم کی احادیث کی اطراف کے لئے نور فاؤنڈیشن کے تجویز کردہ سیریل نمبر کو اختیار کیا گیا ہے۔ بخاری کے لئے ترقیم فتح الباری کو اختیار کیا گیا ہے۔ ترمذی کی احادیث کے نمبر احمد شاکر کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ ابو داؤد کی احادیث کے نمبر محی الدین کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ نسائی کی احادیث کے نمبر عبد الباقی کی ترقیم کے مطابق ہیں۔سنن ابن ماجہ کی احادیث کے نمبر عبد الباقی کی ترقیم کے مطابق ہیں۔

مترجمین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فہرس

مضامین کا تفصیلی انڈیکس کتاب کے آخر پر ملاحظہ فرمائیں

عناوین — صفحہ نمبر

كتاب الصيام

عناوین		صفحہ نمبر
كتاب الصيام	روزہ رکھنے کے بارہ میں کتاب	1
باب فضل شهر رمضان	رمضان کے مہینے کی فضیلت کا بیان	1
باب وجوب صوم رمضان لرؤية الهلال والفطر لرؤية الهلال ...	نیا چاند دیکھ کر رمضان کے روزے واجب ہونے اور نیا چاند دیکھ کر روزے چھوڑنے کا بیان ...	2
لا تقدموا رمضان بصوم يوم ولا يومين	رمضان سے ایک دو دن پہلے روزے نہ رکھو۔	12
باب الشهر يكون تسعًا وعشرين	مہینہ انتیس کا (بھی) ہوتا ہے۔	13
باب بيان ان لكل بلد رؤيتهم وانهم اذا رأو الهلال ببلد...	اس امر کا بیان کہ ہر علاقے کے لئے ان کی اپنی رؤیت ہے ...	17
باب بيان انه لا اعتبار بكبر الهلال و صغره وان الله تعالىٰ ...	نئے چاند کے بڑے یا چھوٹے ہونے کی کوئی حیثیت نہیں...	19
باب بيان معنى قوله ﷺ شهرا عيد	آپ ﷺ کا ارشاد کہ عید کے دو مہینے ناقص نہیں ہوتے۔	20
باب بيان ان الدخول في الصوم يحصل بطلوع الفجر...	طلوعِ فجر پر (روزہ دار) روزے میں داخل ہوتا ہے...	21
باب فضل السحور وتاكيد استحبابه...	سحری کھانے کی فضیلت...	28
باب بيان وقت انقضاء الصوم ...	روزہ مکمل ہونے اور دن ختم ہونے کے وقت...	32
باب النهي عن الوصال في الصوم	”وصال“ کے روزے رکھنے کی ممانعت۔	35
باب بيان ان القبلة في الصوم ليست...	روزے میں اس شخص کے لئے بوسہ لینا حرام نہیں...	40
باب صحة صوم من طلع عليه الفجر...	اس شخص کے روزہ کے درست ہونے کا بیان...	47

باب تغليظ تحريم الجماع في نهار رمضان على الصائم ووجوب...	رمضان میں دن کے وقت روزے دار پر ازدواجی تعلقات قائم کرنے کی سختی سے ممانعت ...	51
باب جواز الصوم والفطر في شهر رمضان للمسافر في غير معصية...	مسافر کے لئے رمضان میں روزہ رکھنے یا چھوڑنے کا جواز...	56
باب اجر المفطر في السفر اذا تولى ...	سفر میں روزہ نہ رکھنے والے کے اجر کا بیان...	65
باب التخيير في الصوم والفطر في السفر	سفر میں روزہ رکھنے یا نہ رکھنے کے اختیار کا بیان۔	67
باب استحباب الفطر للحاج بعرفات ...	عرفہ کے دن عرفات میں حج کرنے والے ...	71
باب صوم يوم عاشوراء	عاشورہ کے دن روزہ رکھنے کا بیان۔	73
باب أيّ يوم يصام في عاشوراء	عاشورہ کا روزہ کس دن رکھا جائے۔	85
باب من أكل في عاشوراء ...	جس نے عاشورا کے دن کچھ کھا لیا...	87
باب النهي عن صوم يوم الفطر ...	عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کے دن روزے کی ممانعت۔	88
باب تحريم صوم أيام التشريق	ایام تشریق میں روزہ رکھنے کی ممانعت۔	91
باب كراهية صيام يوم الجمعة منفردًا	صرف جمعہ کے دن روزہ رکھنے کی ناپسندیدگی کا بیان۔	93
باب بيان نسخ قوله تعالىٰ وعلى الذين...	اللہ تعالیٰ کا ارشاد وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ...	95
باب قضاء رمضان في شعبان	رمضان (کے روزے آئندہ) شعبان میں پورا کرنا...	96
باب قضاء الصيام عن الميت	وفات یافتہ کی طرف سے (چھٹے ہوئے) روزوں کے پورا کرنے کا بیان	98
باب الصائم يدعى لطعام فليقل...	روزے دار کو کھانے کی دعوت دی جائے تو...	102
باب حفظ اللسان للصائم	روزے دار کے لئے زبان کی حفاظت کا بیان۔	103
باب فضل الصيام	روزے رکھنے کی فضیلت کا بیان۔	103
باب فضل الصيام في سبيل الله ...	اللہ کی راہ میں روزے رکھنے کی فضیلت کا بیان...	107
باب جواز صوم النافلة بنية من النهار ...	نفلی روزے کی نیت دن کے وقت زوال سے قبل...	109

باب أكل الناسي وشربه ...	بھول جانے والے کا کھانے پینے ...	110
باب صيام النبي ﷺ في غير رمضان ...	نبی ﷺ کا رمضان کے علاوہ روزہ رکھنے کا بیان ...	111
باب النهي عن صوم الدهر ...	عمر بھر روزہ رکھنے کی اس کے لئے ممانعت ...	117
باب استحباب صيام ثلاثة ايام ...	ہر مہینے تین دن روزے رکھنے ...	132
باب صوم سرر شعبان	شعبان کے وسط کے روزوں کا بیان۔	137
باب فضل صوم المحرّم	محرّم کے روزے کی فضیلت۔	138
باب استحباب صوم ستة أيام من شوال...	رمضان کے بعد شوال کے چھ روزوں ...	139
باب فضل ليلة القدر والحث...	لیلۃ القدر کی فضیلت ...	140

كتاب الاعتكاف

كتاب الاعتكاف	اعتکاف کے بارہ میں کتاب	156
باب اعتكاف العشر الاواخر ...	رمضان کے آخری عشرہ میں اعتکاف کا بیان۔	156
باب متى يدخل من ارادالاعتكاف...	جو اعتکاف کا ارادہ کرے ...	158
باب الاجتهاد في العشر الاواخر...	رمضان کے مہینہ کے آخری عشرہ میں مجاہدہ ...	160
باب صوم عشر ذى الحجة	ذی الحجہ کے دس دنوں کے روزے۔	161

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كِتَابُ الصِّيَام

روزہ رکھنے کے بارہ میں کتاب

[1]1: بَابُ فَضْلِ شَهْرِ رَمَضَانَ

رمضان کے مہینے کی فضیلت کا بیان

1779{1} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ وَابْنُ حُجْرٍ قَالُوا حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ وَهُوَ ابْنُ جَعْفَرٍ عَنْ أَبِي سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا جَاءَ رَمَضَانُ فُتِّحَتْ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ وَغُلِّقَتْ أَبْوَابُ النَّارِ وَصُفِّدَتِ الشَّيَاطِينُ [2495]

1779: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب رمضان آتا ہے تو جنت کے دروازے خوب کھول دیئے جاتے ہیں اور آگ کے دروازے اچھی طرح بند کر دیئے جاتے ہیں اور شیطان جکڑ دیئے جاتے ہیں۔

1780{2} و حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ ابْنِ أَبِي أَنَسٍ أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَ

1780: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب رمضان آتا ہے تو رحمت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں اور شیطانوں کو زنجیریں ڈال دی جاتی ہیں۔

1779: اطراف: **مسلم** کتاب الصیام باب فضل شهر رمضان 1780

تخریج: بخاری کتاب الصوم باب هل یقال رمضان او شهر رمضان ومن رأی کله واسعًا 1898، 1899 کتاب بدء الخلق باب صفة ابلیس وجنوده 3277 **ترمذی** کتاب الصوم باب ماجاء فی فضل شهر رمضان 682 **نسائی** کتاب الصیام باب فضل شهر رمضان 2097، 2098 باب ذکر الاختلاف علی الزهری فیه 2099، 2100، 2101، 2102، 2103، 2104 باب ذکر الاختلاف علی معمر فیه 2105، 2106، 2107، 2108 **ابن ماجه** کتاب الصیام باب ما جاء فی فضل شهر رمضان 1642۔

1780: اطراف: **مسلم** کتاب الصیام باب فضل شهر رمضان 1779=

رَمَضَانُ فُتِّحَتْ أَبْوَابُ الرَّحْمَةِ وَغُلِّقَتْ أَبْوَابُ جَهَنَّمَ وَسُلْسِلَتِ الشَّيَاطِينُ و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ وَالْحُلْوَانِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ حَدَّثَنِي نَافِعُ بْنُ أَبِي أَنَسٍ أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ رَمَضَانُ بِمِثْلِهِ [2497,2496]

ایک اورروایت میں (اِذَا کَانَ رَمَضَانُ کی بجائے) اِذَا دَخَلَ رَمَضَانُ کے الفاظ ہیں یعنی جب رمضان داخل ہو۔

[2]2:بَاب وُجُوبِ صَوْمِ رَمَضَانَ لِرُؤْيَةِ الْهِلَالِ وَالْفِطْرِ لِرُؤْيَةِ الْهِلَالِ وَأَنَّهُ إِذَا غُمَّ فِي أَوَّلِهِ أَوْ آخِرِهِ أُكْمِلَتْ عِدَّةُ الشَّهْرِ ثَلَاثِينَ يَوْمًا

نیا چاند دیکھ کر رمضان کے روزے واجب ہونے اور نیا چاند دیکھ کر روزے چھوڑنے کا بیان اور یہ کہ جب (رمضان) کے شروع یا آخر میں چاند بادل وغیرہ کے باعث نظر نہ آئے تو مہینہ کی گنتی تیس دن پوری کی جائے

1781{3} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

1781: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے رمضان کا ذکر کیا اور فرمایا تم روزے نہ رکھو یہاں تک نیا چاند دیکھ لو اور تم

= **تخريج: بخارى** كتاب الصوم باب هل يقال رمضان او شهر رمضان ومن رأى كله واسعًا 1898، 1899 كتاب بدء الخلق باب صفة ابليس وجنوده 3277 **ترمذى** كتاب الصوم باب ماجاء فى فضل شهر رمضان 682 **نسائى** كتاب الصيام باب فضل شهر رمضان 2097، 2098 باب ذكر الاختلاف على الزهرى فيه 2099، 2100، 2101، 2102، 2103 باب ذكر الاختلاف على معمر فيه 2104 2105، 2106، 2107، 2108 **ابن ماجه** كتاب الصيام باب ما جاء فى فضل شهر رمضان 1642

1781 :اطراف: مسلم كتاب الصيام باب وجوب صوم رمضان لرؤية الهلال والفطر لرؤية الهلال ... 1782، 1783، 1784، 1785، 1786، 1787، 1788، 1789، 1790، 1791، 1792، 1793، 1794، 1795، 1796، 1797 =

وَسَلَّمَ أَنَّهُ ذَكَرَ رَمَضَانَ فَقَالَ لَا تَصُومُوا حَتَّى تَرَوُا الْهِلَالَ وَلَا تُفْطِرُوا حَتَّى تَرَوْهُ فَإِنْ أُغْمِيَ عَلَيْكُمْ فَاقْدُرُوا لَهُ [2498]

روزے رکھنے نہ چھوڑو یہاں تک کہ (نیا) چاند دیکھ لو اور اگر وہ بادل وغیرہ کی وجہ سے تمہیں نظر نہ آئے تو اس کا اندازہ کرلیا کرو۔

1782{4} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ رَمَضَانَ فَضَرَبَ بِيَدَيْهِ فَقَالَ الشَّهْرُ هَكَذَا وَهَكَذَا وَهَكَذَا – ثُمَّ عَقَدَ إِبْهَامَهُ فِي الثَّالِثَةِ – فَصُومُوا لِرُؤْيَتِهِ وَأَفْطِرُوا لِرُؤْيَتِهِ فَإِنْ أُغْمِيَ عَلَيْكُمْ فَاقْدُرُوا لَهُ ثَلَاثِينَ {5} وحَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَ فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاقْدُرُوا ثَلَاثِينَ نَحْوَ حَدِيثِ أَبِي أُسَامَةَ و حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَ ذَكَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَمَضَانَ

1782: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے رمضان کا ذکر کیا۔ پھر آپؐ نے اپنے دونوں ہاتھوں سے اشارہ کیا اور فرمایا مہینہ اس طرح، اس طرح اور اس طرح ہوتا ہے۔ تیسری دفعہ آپؐ نے اپنے ایک انگوٹھے کو بند کرلیا☆ (اور فرمایا) پس تم اس (چاند) کو دیکھ کر روزے رکھو اور اس کو دیکھ کر ہی روزے رکھنے چھوڑو۔ اگر بادل وغیرہ کی وجہ سے تمہیں نظر نہ آئے تو تیس دن کا اندازہ کرلو۔

ایک اور روایت میں (فَإِنْ أُغْمِيَ عَلَيْكُمْ فَاقْدُرُوا لَهُ ثَلَاثِيْن کی بجائے) فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاقْدُرُوا ثَلَاثِيْنَ کے الفاظ ہیں یعنی اگر بادل وغیرہ کی وجہ سے (چاند) نظر نہ آئے تو تیس[30] کا حساب کرلو۔

ایک اور روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے رمضان کا ذکر کیا اور فرمایا مہینہ انتیس دن کا ہوتا ہے۔

= **تخریج: بخاری** کتاب الصوم باب هل يقال رمضان او شهر رمضان ومن رأى كله واسعًا 1900 باب قول النبی ﷺ اذا رأيتم الهلال فصوموا واذا رأيتموه فافطروا 1906، 1907، 1909 **نسائی** کتاب الصیام ذكر الاختلاف على الزهری فی هذاالحديث 2120، 2121 باب ذكر الاختلاف على عبيدالله بن عمر فی هذاالحديث 2122، 2123 **ابو داؤد** کتاب الصيام باب الشهر يكون تسعًا وعشرين 2320 **ابن ماجه** کتاب الصيام باب ماجاء فی صوموا لرؤيته وافطروا لرؤيته 1654

1782 :اطراف: مسلم کتاب الصيام باب وجوب صوم رمضان لرؤية الهلال والفطر لرؤيته 1781، 1783، 1784، 1785، 1787، 1788، 1789، 1790، 1791، 1792، 1793، 1794 =

☆: معلوم ہوتا ہے حضور ﷺ نے پہلے دو دفعہ دونوں ہاتھ کھول کر دس، دس کی تعداد کا اشارہ فرمایا۔ اس کے بعد تیسری دفعہ اپنا ایک انگوٹھا بند کرلیا اور اس طرح 29 کی تعداد کا اشارہ فرمایا۔

فَقَالَ الشَّهْرُ تِسْعٌ وَعِشْرُونَ الشَّهْرُ هَكَذَا وَهَكَذَا وَهَكَذَا وَقَالَ فَاقْدُرُوا لَهُ وَلَمْ يَقُلْ ثَلَاثِينَ[2501,2500,2499]

مہینہ اس طرح، اس طرح اور اس طرح ہے اور آپؐ نے فرمایا اس کا اندازہ کرلو اور تیس (کا لفظ) نہیں فرمایا۔

1783 {6} و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا الشَّهْرُ تِسْعٌ وَعِشْرُونَ فَلَا تَصُومُوا حَتَّى تَرَوْهُ وَلَا تُفْطِرُوا حَتَّى تَرَوْهُ فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاقْدُرُوا لَهُ [2502]

1783: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مہینہ صرف انتیس دن کا بھی ہوتا ہے۔ پس تم روزے نہ رکھو یہاں تک کہ تم اسے (چاند) دیکھ لو اور نہ تم روزے رکھنے چھوڑو یہاں تک کہ اسے (چاند) دیکھ لو اور اگر بادل وغیرہ کی وجہ سے یہ (چاند) تمہیں نظر نہ آئے تو اس کے لئے اندازہ کرلو۔

=**تخریج: بخاری** کتاب الصوم باب هل يقال رمضان او شهر رمضان ومن رأى كله واسعًا 1900 باب قول النبی ﷺ اذا رأيتم الهلال فصوموا واذا رأيتموه فافطروا 1906، 1907، 1909 **نسائی** کتاب الصيام باب قبول شهادة الرجل الواحد على هلال شهر رمضان وذكر الاختلاف فيه على سفيان فی حديث سماک 2116 باب اكمال شعبان ثلاثين اذا كان غيمٌ وذكر اختلاف الناقلين عن ابی هريرة 2117، 2118 ذكر الاختلاف على الزهری فی هذاالحديث 2119، 2120، 2121 ذكر الاختلاف على عبيدالله بن عمر فی هذاالحديث 2122 ، 2123 ذكر الاختلاف على عمرو بن دينار فی حديث ابن عباس فيه 2124، 2125 ذكر الاختلاف على منصور فی حديث ربعی فيه حديث 2126، 2127 ، 2128 ، 2129 ، 2130 ذكر الاختلاف على يحیٰ بن ابی كثير فی خبر أبی سلمة فيه 2138، 2139، 2140 2141، 2142، 2143 **ابوداؤد** کتاب الصيام باب الشهر يكون تسعًا وعشرين 2319، 2320 باب من قال فان غم عليكم فصوموا ثلاثين 2327 **ابن ماجه** كتاب الصيام باب ماجاء فی صوموا لرؤيته وافطروا لرؤيته 1654 ، 1655

1783 : اطراف: مسلم كتاب الصيام باب وجوب صوم رمضان لرؤية الهلال والفطر لرؤيته 1781، 1782، 1784، 1785، 1787 ، 1788، 1789، 1790، 1791، 1792، 1793 ، 1794

تخریج: بخاری کتاب الصوم باب هل يقال رمضان او شهر رمضان ومن رأى كله واسعًا 1900 باب قول النبی ﷺ اذا رأيتم الهلال فصوموا واذا رأيتموه فافطروا 1906، 1907، 1909 **نسائی** کتاب الصيام باب قبول شهادة الرجل الواحد على هلال شهر رمضان وذكر الاختلاف فيه على سفيان فی حديث سماک 2116 باب اكمال شعبان ثلاثين اذا كان غيمٌ وذكر اختلاف الناقلين عن ابی هريرة 2117، 2118 ذكر الاختلاف على الزهری فی هذاالحديث 2119، 2120، 2121 ذكر الاختلاف على عبيدالله بن عمر فی هذاالحديث 2122 ، 2123 ذكر الاختلاف على عمرو بن دينار فی حديث ابن عباس فيه 2124، 2125 ذكر الاختلاف على منصور فی حديث ربعی فيه حديث 2126، 2127 ، 2128 ، 2129 ، 2130 ذكر الاختلاف على يحیٰ بن ابی كثير فی خبر أبی سلمة فيه 2138، 2139، 2140 2141، 2142، 2143 **ابوداؤد** کتاب الصيام باب الشهر يكون تسعًا وعشرين 2319، 2320 **ابن ماجه** كتاب الصيام باب ماجاء فی صوموا لرؤيته وافطروا لرؤيته 1654 ، 1655

1784{7} وحَدَّثَنِي حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ الْبَاهِلِيُّ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ حَدَّثَنَا سَلَمَةُ وَهُوَ ابْنُ عَلْقَمَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّهْرُ تِسْعٌ وَعِشْرُونَ فَإِذَا رَأَيْتُمُ الْهِلَالَ فَصُومُوا وَإِذَا رَأَيْتُمُوهُ فَأَفْطِرُوا فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاقْدُرُوا لَهُ [2503]

1784: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مہینہ انتیس کا بھی ہوتا ہے۔ پس جب تم نیا چاند دیکھو تو روزے رکھنے شروع کرو اور جب تم اسے دیکھو تو روزے چھوڑ دو اور اگر تمہیں بادل وغیرہ کی وجہ سے نظر نہ آئے تو اس کا اندازہ کرلو۔

1785{8} حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِذَا رَأَيْتُمُوهُ فَصُومُوا وَإِذَا رَأَيْتُمُوهُ فَأَفْطِرُوا فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاقْدُرُوا لَهُ [2504]

1785: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا جب تم اس (چاند) کو دیکھو تو روزے رکھنے شروع کرو اور جب تم اس (چاند) کو دیکھو تو روزے رکھنے چھوڑ دو۔ اگر وہ بادل وغیرہ کی وجہ سے تمہیں نظر نہ آئے تو اس کا اندازہ کرلو۔

1784: اطراف: مسلم كتاب الصيام باب وجوب صوم رمضان لرؤية الهلال والفطر لرؤيته...1781، 1782، 1783، 1785 1787 ، 1788، 1789، 1790، 1791، 1792،1793 ، 1794

تخریج: بخاری كتاب الصوم باب هل يقال رمضان او شهر رمضان ومن رأى كله واسعًا 1900 باب قول النبی ﷺ اذا رأيتم الهلال فصوموا واذا رأيتموه فافطروا 1906،1907، 1909 **نسائی** كتاب الصيام باب قبول شهادة الرجل الواحد على هلال شهر رمضان وذكر الاختلاف فيه على سفيان فی حديث سماک 2116 باب اكمال شعبان ثلاثين اذا كان غيمٌ وذكر اختلاف الناقلين عن ابی هريرة 2117، 2118 ذكر الاختلاف على الزهری فی هذاالحديث2119، 2120،2121 ذكر الاختلاف على عبيدالله بن عمر فی هذاالحديث 2122 ، 2123 ذكر الاختلاف على عمرو بن دينار فی حديث ابن عباس فيه 2124، 2125 ذكر الاختلاف على منصور فی حديث ربعی فيه حديث2126، 2127 ، 2128، 2129 ، 2130 ذكر الاختلاف على يحىٰ بن ابی كثير فی خبر أبی سلمة فيه 2138، 2139، 2140 2141، 2142،2143 **ابوداوٗد** كتاب الصيام باب الشهر يكون تسعًا وعشرين 2319، 2320 باب من قال فان غم عليكم فصوموا ثلاثين 2327 **ابن ماجه** كتاب الصيام باب ماجاء فی صوموا لرؤيته وافطروا لرؤيته 1654، 1655

1785 : اطراف: مسلم كتاب الصيام باب وجوب صوم رمضان لرؤية الهلال . . .1781، 1782، 1783، 1784،1786 1787، 1788، 1789، 1790، 1791،1792 ، 1793 ، 1794 =

1786{9} وحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَيَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَابْنُ حُجْرٍ قَالَ يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا و قَالَ الْآخَرُونَ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ وَهُوَ ابْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّهْرُ تِسْعٌ وَعِشْرُونَ لَيْلَةً لَا تَصُومُوا حَتَّى تَرَوْهُ وَلَا تُفْطِرُوا حَتَّى تَرَوْهُ إِلَّا أَنْ يُغَمَّ عَلَيْكُمْ فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاقْدُرُوا لَهُ [2505]

1786: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مہینہ انتیس رات کا (بھی) ہوتا ہے۔ تم روزے رکھنے (شروع) نہ کرو یہاں تک کہ اس (چاند) کو دیکھ لو اور تم روزے رکھنے نہ چھوڑو یہاں تک کہ اس (چاند) کو دیکھ لو سوائے اس کے کہ وہ بادل وغیرہ کی وجہ سے تمہیں نظر نہ آئے۔ پس اگر وہ تمہیں نظر نہ آئے تو اس کا اندازہ کر لو۔

= **تخریج: بخاری** کتاب الصوم باب هل یقال رمضان او شهر رمضان ومن رأى كله واسعًا 1900 باب قول النبی ﷺ اذا رأیتم الهلال فصوموا واذا رأیتموه فافطروا 1906، 1907، 1909 **نسائی** کتاب الصیام باب قبول شهادة الرجل الواحد علی هلال شهر رمضان وذکر الاختلاف فیه علی سفیان فی حدیث سماک 2116 باب اکمال شعبان ثلاثین اذا كان غیمٌ وذکر اختلاف الناقلین عن ابی هريرة 2117، 2118 ذکر الاختلاف علی الزهری فی هذاالحدیث 2119، 2120، 2121 ذکر الاختلاف علی عبیدالله بن عمر فی هذاالحدیث 2122 ، 2123 ذکر الاختلاف علی عمرو بن دینار فی حدیث ابن عباس فیه 2124، 2125 ذکر الاختلاف علی منصور فی حدیث ربعی فیه حدیث 2126، 2127 ، 2128 ، 2129 ، 2130 ذکر الاختلاف علی یحیٰ بن ابی کثیر فی خبر أبی سلمة فیه 2138، 2139، 2140 2141، 2142، 2143 **ابوداؤد** کتاب الصیام باب الشهر یکون تسعًا وعشرین 2319، 2320 باب من قال فان غم علیكم فصوموا ثلاثین 2327 **ابن ماجه** کتاب الصیام باب ماجاء فی صوموا لرؤیته وافطروا لرؤیته 1654، 1655

1786: اطراف: مسلم کتاب الصیام باب وجوب صوم رمضان لرؤیة الهلال .... 1781، 1782، 1783، 1784، 1785، 1787، 1788، 1789، 1790، 1791، 1792 ، 1793 ، 1794

تخریج: بخاری کتاب الصوم باب هل یقال رمضان او شهر رمضان ومن رأى كله واسعًا 1900 باب قول النبی ﷺ اذا رأیتم الهلال فصوموا واذا رأیتموه فافطروا 1906، 1907، 1909 **نسائی** کتاب الصیام باب قبول شهادة الرجل الواحد علی هلال شهر رمضان وذکر الاختلاف فیه علی سفیان فی حدیث سماک 2116 باب اکمال شعبان ثلاثین اذا كان غیمٌ وذکر اختلاف الناقلین عن ابی هريرة 2117، 2118 ذکر الاختلاف علی الزهری فی هذاالحدیث 2119، 2120، 2121 ذکر الاختلاف علی عبیدالله بن عمر فی هذاالحدیث 2122 ، 2123 ذکر الاختلاف علی عمرو بن دینار فی حدیث ابن عباس فیه 2124، 2125 ذکر الاختلاف علی منصور فی حدیث ربعی فیه حدیث 2126، 2127 ، 2128 ، 2129 ، 2130 ذکر الاختلاف علی یحیٰ بن ابی کثیر فی خبر أبی سلمة فیه 2138، 2139، 2140 2141، 2142، 2143 **ابوداؤد** کتاب الصیام باب الشهر یکون تسعًا وعشرین 2319، 2320 باب من قال فان غم علیكم فصوموا ثلاثین 2327 **ابن ماجه** کتاب الصیام باب ماجاء فی صوموا لرؤیته وافطروا لرؤیته 1654، 1655

1787{10} حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ بْنُ إِسْحَقَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا يَقُولُ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الشَّهْرُ هَكَذَا وَهَكَذَا وَقَبَضَ إِبْهَامَهُ فِي الثَّالِثَةِ [2506]

1787: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا (آپؐ نے دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کے اشارہ سے بتایا کہ) مہینہ اس طرح اور اس طرح اور اس طرح ہوتا ہے۔ اور تیسری مرتبہ آپؐ نے اپنے انگوٹھے کو بند کیا۔

1788{11} وحَدَّثَنِي حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ حَدَّثَنَا حَسَنٌ الْأَشْيَبُ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ يَحْيَى قَالَ وَأَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الشَّهْرُ تِسْعٌ وَعِشْرُونَ [2507]

1788: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا مہینہ انتیس کا (بھی) ہوتا ہے۔

1789{12} وحَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْبَكَّائِيُّ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ

1789: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا مہینہ اس طرح اور اس

1787 :اطراف: مسلم کتاب الصیام باب وجوب صوم رمضان لرؤیة الهلال ...1781، 1782، 1783، 1784،1785، 1786، 1788، 1789، 1790، 1791،1792 ، 1793، 1794

تخریج: بخاری کتاب الصوم باب قول النبی ﷺ اذا رأیتم الهلال فصوموا واذا رأیتموه فافطروا 1907،1908،1909،1910، 1911 **نسائی** کتاب الصیام ذکر الاختلاف علی اسماعیل فی خبر سعد بن مالک فیه 2135،2136، 2137 ذکر الاختلاف علی یحیٰ بن ابی کثیر فی خبر أبی سلمة فیه 2139، 2140 ، 2141، 2142،2143 **ابوداوٗد** کتاب الصیام باب الشهر یکون تسعًا وعشرین 2319، 2320 **ابن ماجه** کتاب الصیام باب ماجاء فی الشهر تسع وعشرون 1656 ،1657، 1658

1788 :اطراف: مسلم کتاب الصیام باب وجوب صوم رمضان لرؤیة الهلال ...1781، 1782، 1783، 1784،1785 ، 1786 ، 1787، 1789، 1790، 1791، 1792 ، 1793 ، 1794

تخریج: بخاری کتاب الصوم باب قول النبی ﷺ اذا رأیتم الهلال فصوموا واذا رأیتموه فافطروا 1907،1908،1909، 1910،1911 **نسائی** کتاب الصیام کم الشهر وذکر الاختلاف علی الزهری فی الخبر عن عائشة 2131، 2132 ذکر الاختلاف علی یحیٰ بن ابی کثیر فی خبر أبی سلمة فیه 2139، 2140 ، 2141، 2142،2143 **ابوداوٗد** کتاب الصیام باب الشهر یکون تسعًا وعشرین 2319، 2320 ابن ماجه کتاب الصیام باب ماجاء فی الشهر تسع وعشرون 1656، 1657، 1658

1789 :اطراف: مسلم کتاب الصیام باب وجوب صوم رمضان لرؤیة الهلال ...1781، 1782، 1783، 1784،1785، 1786،1787، 1788، 1790، 1791،1792، 1793 ، 1794 =

عُمَيْرٍ عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الشَّهْرُ هَكَذَا وَهَكَذَا وَهَكَذَا عَشْرًا وَعَشْرًا وَتِسْعًا [250]

طرح اور اس طرح (بھی) ہوتا ہے دس اور دس اور نو (یعنی اُنتیس دن کا)۔

1790{13} وحَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ جَبَلَةَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّهْرُ كَذَا وَكَذَا وَكَذَا وَصَفَّقَ بِيَدَيْهِ مَرَّتَيْنِ بِكُلِّ أَصَابِعِهِمَا وَنَقَصَ فِي الصَّفْقَةِ الثَّالِثَةِ إِبْهَامَ الْيُمْنَى أَوِ الْيُسْرَى [2509]

1790: حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مہینہ اس طرح اور اس طرح اور اس طرح ہوتا ہے اور آپؐ نے اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو دو دفعہ ساتھ ملایا اور تیسری دفعہ ملاتے ہوئے دائیں یا بائیں ہاتھ کے انگوٹھے کو کم کیا۔

1791{14} وحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عُقْبَةَ وَهُوَ ابْنُ حُرَيْثٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا يَقُولُ قَالَ رَسُولُ

1791: عقبہ بن حُریث سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو کہتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مہینہ انتیس (دن) کا بھی ہوتا ہے۔ شعبہ (راوی) نے اپنے دونوں ہاتھ

= **تخریج**: **بخاری** کتاب الصوم باب قول النبی ﷺ اذا رأيتم الهلال فصوموا واذا رأيتموه فافطروا 1907، 1908، 1909، 1910، 1911 **نسائی** کتاب الصيام كم الشهر وذكر الاختلاف على الزهرى فى الخبر عن عائشة 2131، 2132 ذكر الاختلاف على يحيٰ بن ابى كثير فى خبر أبى سلمة فيه 2139، 2140، 2141، 2142، 2143 **ابو داؤد** كتاب الصيام باب الشهر يكون تسعًا وعشرين 2319، 2320 ابن ماجه كتاب الصيام باب ماجاء فى الشهر تسع وعشرون 1656، 1657، 1658

1790 :**اطراف**: **مسلم** كتاب الصيام باب وجوب صوم رمضان لرؤية الهلال ... 1781، 1782، 1783، 1784، 1785، 1786، 1787، 1788، 1789، 1791، 1792، 1793، 1794

تخریج: **بخاری** کتاب الصوم باب قول النبی ﷺ اذا رأيتم الهلال فصوموا واذا رأيتموه فافطروا 1907، 1908، 1909، 1910، 1911 **نسائی** کتاب الصيام كم الشهر وذكر الاختلاف على الزهرى فى الخبر عن عائشة 2131، 2132 ذكر الاختلاف على يحيٰ بن ابى كثير فى خبر أبى سلمة فيه 2139، 2140، 2141، 2142، 2143 **ابو داؤد** كتاب الصيام باب الشهر يكون تسعًا وعشرين 2319، 2320 ابن ماجه كتاب الصيام باب ماجاء فى الشهر تسع وعشرون 1656، 1657، 1658

1791 :**اطراف**: **مسلم** كتاب الصيام باب وجوب صوم رمضان لرؤية الهلال ...1781، 1782، 1783، 1784، 1785، 1786، 1787، 1788، 1789، 1790، 1792، 1793، 1794 =

اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّهْرُ تِسْعٌ وَعِشْرُونَ وَطَبَّقَ شُعْبَةُ يَدَيْهِ ثَلَاثَ مِرَارٍ وَكَسَرَ الْإِبْهَامَ فِي الثَّالِثَةِ قَالَ عُقْبَةُ وَأَحْسِبُهُ قَالَ الشَّهْرُ ثَلَاثُونَ وَطَبَّقَ كَفَّيْهِ ثَلَاثَ مِرَارٍ [2510]

تین دفعہ ملائے اور تیسری مرتبہ اپنے انگوٹھے کو کم کیا۔ عقبہ (راوی) کہتے ہیں میرا خیال ہے (حضرت ابن عمرؓ) نے کہا مہینہ تیس کا ہوتا ہے اور اپنی دو ہتھیلیاں تین مرتبہ ملائیں۔

1792{15}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ عَنْ شُعْبَةَ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّا أُمَّةٌ أُمِّيَّةٌ لَا نَكْتُبُ وَلَا نَحْسُبُ الشَّهْرُ هَكَذَا وَهَكَذَا وَهَكَذَا وَعَقَدَ الْإِبْهَامَ فِي الثَّالِثَةِ وَالشَّهْرُ هَكَذَا وَهَكَذَا وَهَكَذَا يَعْنِي تَمَامَ ثَلَاثِينَ و حَدَّثَنِيهِ مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ

1792: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہم اُمّی لوگ ہیں ہم نہ لکھتے ہیں اور نہ حساب کتاب رکھتے ہیں۔ مہینہ تو اس طرح، اس طرح اور اس طرح ہوتا ہے اور تیسری دفعہ آپؐ نے اپنے انگوٹھے کو بند کیا اور مہینہ اس طرح، اس طرح اور اس طرح بھی ہوتا ہے۔ یعنی پورے تیس دن۔

ایک اور روایت میں دوسرے مہینے کے لئے تیس کا ذکر نہیں۔

= **تخریج : بخاری** کتاب الصوم باب قول النبی ﷺ اذا رأیتم الهلال فصوموا واذا رأیتموه فافطروا 1907، 1908، 1910 1911 **نسائی** کتاب الصیام ذکر الاختلاف علی الزهری فی هذاالحدیث 2119 ، 2121 ذکر الاختلاف علی عبیدالله بن عمر فی هذا الحدیث 2123 ذکرالاختلاف علی یحیٰ بن ابی کثیر فی خبر ابی سلمة فیه 2139، 2140 ،2141، 2142 ، 2143 **ابوداوٗد** کتاب الصیام باب الشهر یکون تسعًا وعشرین 2319 ، 2320 **ابن ماجه** کتاب الصیام باب ماجاء فی الشهر تسع وعشرون 1656، 1657 ، 1658

1792: اطراف : مسلم کتاب الصیام باب وجوب صوم رمضان لرؤیة الهلال ...1781، 1782، 1783، 1784، 1785 1786، 1787، 1788، 1789، 1790،1791 ، 1793 ، 1794

تخریج : بخاری کتاب الصوم باب قول النبی ﷺ اذا رأیتم الهلال فصوموا واذا رأیتموه فافطروا 1907، 1908 باب قول النبی ﷺ لا نکتب ولا نحسب 1913 **نسائی** کتاب الصیام ذکر الاختلاف علی الزهری فی هذاالحدیث 2119، 2120، 2121 ذکر الاختلاف علی منصور فی حدیث ربعی فیه 2127، 2128، 2130 ذکرالاختلاف علی یحیٰ بن ابی کثیر فی خبر ابی سلمة فیه 2139، 2140،2141، 2142 ، 2143 **ابوداوٗد** کتاب الصیام باب الشهر یکون تسعًا وعشرین 2319، 2320 **ابن ماجه** کتاب الصیام باب ماجاء فی الشهر تسع وعشرون 1656، 1657

حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَلَمْ يَذْكُرْ لِلشَّهْرِ الثَّانِي ثَلَاثِينَ[2512,2511]

1793{16} حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ قَالَ سَمِعَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا رَجُلًا يَقُولُ اللَّيْلَةَ لَيْلَةُ النِّصْفِ فَقَالَ لَهُ مَا يُدْرِيكَ أَنَّ اللَّيْلَةَ النِّصْفُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الشَّهْرُ هَكَذَا وَهَكَذَا – وَأَشَارَ بِأَصَابِعِهِ الْعَشْرِ مَرَّتَيْنِ – وَهَكَذَا فِي الثَّالِثَةِ وَأَشَارَ بِأَصَابِعِهِ كُلِّهَا وَحَبَسَ أَوْ خَنَسَ إِبْهَامَهُ [2513]

1793: سعد بن عبیدہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ایک شخص کو کہتے سنا کہ آج کی رات (مہینہ کی) درمیانی رات ہے۔ آپؓ نے اسے کہا تجھے کیسے معلوم ہوا کہ آج کی رات درمیانی ہے؟ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ مہینہ اس طرح اور اس طرح ہوتا ہے۔ آپؐ نے اپنی دس انگلیوں سے دو مرتبہ اشارہ کیا اور تیسری مرتبہ اپنی انگلیوں کے اشارہ سے فرمایا مگر اپنے انگوٹھے کو روک لیا یا موڑ لیا۔

1794{17} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيدِ

1794: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم

1793 : اطراف: مسلم کتاب الصیام باب وجوب صوم رمضان لرؤیة الهلال ... 1781، 1782، 1783، 1784، 1785، 1786، 1787، 1788، 1789، 1790، 1791، 1792، 1793، 1794

تخریج: بخاری باب قول النبی ﷺ اذا رأیتم الهلال فصوموا واذا رأیتموه فافطروا 1908 باب قول النبی ﷺ لا نکتب ولا نحسب 1913 **نسائی** کتاب الصیام ذکر الاختلاف علی یحیٰ بن ابی کثیر فی خبر ابی سلمة فیه 2140، 2141، 2142 **ابوداوٗد** کتاب الصیام باب الشهر یکون تسعًا وعشرین 2319، 2320 **ابن ماجه** کتاب الصیام باب ماجاء فی الشهر وعشرون 1656، 1657، 1658

1794 : اطراف: مسلم کتاب الصیام باب وجوب صوم رمضان لرؤیة الهلال ...1795، 1796، 1797

تخریج: بخاری کتاب الصوم باب هل یقال رمضان او شهر رمضان من رأی کله واسعًا 1900 باب قول النبی ﷺ اذا رأیتم الهلال فصوموا واذا رأیتموه فافطروا 1906، 1907، 1908، 1909 **ترمذی** کتاب الصوم باب ما جاء ان الصوم لرویة الهلال والافطار له 688 **نسائی** کتاب الصیام باب اکمال شعبان ثلاثین اذا کان غیم وذکر اختلاف الناقلین عن ابی هریرة 2117، 2118 باب ذکر الاختلاف علی الزهری فی هذا الحدیث 2119، 2120، 2121 باب ذکر الاختلاف علی عبیدالله بن عمر فی هذا الحدیث 2122، 2123 باب ذکر الاختلاف علی عمرو بن دینار فی حدیث ابن عباس فیه 2124، 2125 **ابن ماجه** کتاب الصیام باب ماجاء فی صوموا لرویته وافطروا لرویته 1654، 1655

بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَأَيْتُمُ الْهِلَالَ فَصُومُوا وَإِذَا رَأَيْتُمُوهُ فَأَفْطِرُوا فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَصُومُوا ثَلَاثِينَ يَوْمًا [2514]

نیا چاند دیکھو تو روزے رکھو اور جب تم اسے دیکھو تو روزے رکھنے چھوڑ دو۔ اگر بادل وغیرہ کی وجہ سے تمہیں نظر نہ آئے تو تیس دن روزے کرو۔

1795{18}حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَّامٍ الْجُمَحِيُّ حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ يَعْنِي ابْنَ مُسْلِمٍ عَنْ مُحَمَّدٍ وَهُوَ ابْنُ زِيَادٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ صُومُوا لِرُؤْيَتِهِ وَأَفْطِرُوا لِرُؤْيَتِهِ فَإِنْ غُمِّيَ عَلَيْكُمْ فَأَكْمِلُوا الْعَدَدَ [2515]

1795: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا تم اس (چاند) کو دیکھ کر روزے رکھو اور اس کو دیکھ کر روزے چھوڑ دو۔ اگر تم پر وہ (چاند) اوجھل رہے تو گنتی پوری کرو۔

1796{19} وحَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ يَقُولُ

1796: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم (نیا چاند) دیکھ کر روزے رکھو اور اس کو دیکھ کر روزے رکھنے چھوڑ دو۔

1795: اطراف: مسلم کتاب الصیام باب وجوب صوم رمضان لرؤیۃ الھلال ... 1794، 1796، 1797

تخریج: بخاری کتاب الصوم باب ھل یقال رمضان او شھر رمضان من رأی کلہ واسعًا 1900 باب قول النبی ﷺ اذا رأیتم الھلال فصوموا واذا رأیتموہ فافطروا 1906، 1907، 1908، 1909 **ترمذی** کتاب الصوم باب ما جاء ان الصوم لرویۃ الھلال والافطار لہ 688 **نسائی** کتاب الصیام باب اکمال شعبان ثلاثین اذا کان غیم وذکر اختلاف الناقلین عن ابی ھریرۃ 2117، 2118 باب ذکر الاختلاف علی الزھری فی ھذا الحدیث 2119، 2120، 2121 باب ذکر الاختلاف علی عبیداللہ بن عمر فی ھذا الحدیث 2122، 2123 باب ذکر الاختلاف علی عمرو بن دینار فی حدیث ابن عباس فیہ 2124، 2125 **ابن ماجہ** کتاب الصیام باب ماجاء فی صوموا لرویتہ وافطروا لرویتہ 1654، 1655

1796: اطراف: مسلم کتاب الصیام باب وجوب صوم رمضان لرؤیۃ الھلال ... 1794، 1795، 1797

تخریج: بخاری کتاب الصوم باب ھل یقال رمضان او شھر رمضان من رأی کلہ واسعًا 1900 باب قول النبی ﷺ اذا رأیتم الھلال فصوموا واذا رأیتموہ فافطروا 1906، 1907، 1908، 1909 **ترمذی** کتاب الصوم باب ما جاء ان الصوم لرویۃ الھلال والافطار لہ 688 **نسائی** کتاب الصیام باب اکمال شعبان ثلاثین اذا کان غیم وذکر اختلاف الناقلین عن ابی ھریرۃ 2117، 2118 باب ذکر الاختلاف علی الزھری فی ھذا الحدیث 2119، 2120، 2121 باب ذکر الاختلاف علی عبیداللہ بن عمر فی ھذا الحدیث 2122، 2123 باب ذکر الاختلاف علی عمرو بن دینار فی حدیث ابن عباس فیہ 2124، 2125 **ابن ماجہ** کتاب الصیام باب ماجاء فی صوموا لرویتہ وافطروا لرویتہ 1654، 1655

قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صُومُوا لِرُؤْيَتِهِ وَأَفْطِرُوا لِرُؤْيَتِهِ فَإِنْ غُمِّيَ عَلَيْكُمُ الشَّهْرُ فَعُدُّوا ثَلَاثِينَ [2516]

اگر بادل کی وجہ سے مہینہ تم پر مبہم ہو جائے تو تیس شمار کر لو۔

1797{20}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ ذَكَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْهِلَالَ فَقَالَ إِذَا رَأَيْتُمُوهُ فَصُومُوا وَإِذَا رَأَيْتُمُوهُ فَأَفْطِرُوا فَإِنْ أُغْمِيَ عَلَيْكُمْ فَعُدُّوا ثَلَاثِينَ[2517]

1797: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہلال کا ذکر کیا اور فرمایا جب تم اسے دیکھو تو روزے رکھو اور جب تم اسے دیکھو تو روزے رکھنے چھوڑ دو۔ اور اگر تمہیں بادل وغیرہ کی وجہ سے نظر نہ آئے تو تیس شمار کر لو۔

[3]3: بَاب: لَا تَقَدَّمُوا رَمَضَانَ بِصَوْمِ يَوْمٍ وَلَا يَوْمَيْنِ

باب: رمضان سے ایک دو دن پہلے روزے نہ رکھو

1798{21}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَ أَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ

1798: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ رمضان سے ایک

1797 :اطراف: مسلم کتاب الصیام باب وجوب صوم رمضان لرؤیة الھلال ... 1794، 1795، 1796

تخریج: بخاری کتاب الصوم باب ھل یقال رمضان او شھر رمضان من رأی کلہ واسعًا 1900 باب قول النبی ﷺ اذا رأیتم الھلال فصوموا واذا رأیتموہ فافطروا 1906، 1907، 1908 ، 1909 **ترمذی** کتاب الصوم باب ما جاء ان الصوم لرویة الھلال والافطار لہ 688 **نسائی** کتاب الصیام باب اکمال شعبان ثلاثین اذا کان غیم وذکر اختلاف الناقلین عن ابی ھریرة 2117، 2118 باب ذکر الاختلاف علی الزھری فی ھذا الحدیث 2119 ، 2120، 2121 باب ذکر الاختلاف علی عبیداللہ بن عمر فی ھذا الحدیث 2122، 2123 باب ذکر الاختلاف علی عمرو بن دینار فی حدیث ابن عباس فیہ 2124، 2125 **ابن ماجہ** کتاب الصیام باب ماجاء فی صوموا لرویتہ وافطروا لرویتہ 1654، 1655

1798 :تخریج: بخاری کتاب الصوم باب لا یتقدم رمضان بصوم یوم ولا یومین 1914 **ترمذی** کتاب الصوم باب ما جاء لا تقدمو الشھر بصوم 684 ، 685 باب ماجاء فی احصاء ھلال شعبان لرمضان 687 **نسائی** کتاب الصیام باب التقدم قبل شھر رمضان 2172 باب ذکر الاختلاف علی یحی بن ابی کثیر و محمد بن عمرو علی ابی سلمة فیہ 2173، 2174 **ابو داوٗد** کتاب الصیام باب فیمن یصل شعبان برمضان 2335 **ابن ماجہ** کتاب الصیام باب ما جاء فی النھی ان یتقدم رمضان بصوم الا من صام صوما فوافقہ 1650

عَلِيِّ بْنِ مُبَارَكٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقَدَّمُوْا رَمَضَانَ بِصَوْمِ يَوْمٍ وَلَا يَوْمَيْنِ إِلَّا رَجُلٌ كَانَ يَصُومُ صَوْمًا فَلْيَصُمْهُ و حَدَّثَنَاه يَحْيَى بْنُ بِشْرٍ الْحَرِيرِيُّ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ يَعْنِي ابْنَ سَلَّامٍ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ أَبِي عُمَرَ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ ح و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ كُلُّهُمْ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ [2519,2518]

دو دن پہلے روزے نہ رکھو۔ سوائے اس شخص کے جو پہلے سے یہ روزے رکھ رہا ہو وہ یہ روزے رکھ سکتا ہے۔

[4] 4: بَاب: الشَّهْرُ يَكُونُ تِسْعًا وَعِشْرِينَ

باب: مہینہ انتیس کا (بھی) ہوتا ہے

1799 {22} حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقْسَمَ أَنْ لَا يَدْخُلَ عَلَى أَزْوَاجِهِ شَهْرًا قَالَ الزُّهْرِيُّ

1799: زہری سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے قسم کھائی کہ وہ ایک ماہ اپنی ازواج کے ہاں نہیں جائیں گے۔ زہری کہتے ہیں مجھے عروہ نے بتایا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا جب

1799: تخریج: بخاری کتاب الصوم باب قول النبی اذا رأیتم الھلال فصوموا واذا رأیتموہ فافطروا 1910، 1911 **ترمذی** کتاب الصوم باب ما جاء لا تقدموا الشهر بصوم 684، 685 باب ماجاء ان الشهر يكون تسعًا وعشرون 689، 690 **نسائی** کتاب الصیام کم الشهر وذکر الاختلاف علی الزہری فی الخبر عن عائشة 2131، 2132 ذکر خبر ابن عباس فيه 2133 2134 **ابو داؤد** کتاب الصوم باب الشهر يكون تسعًا و عشرين 2319، 2320 باب من قال فان غم عليكم فصوموا ثلاثين 2327 **ابن ماجه** کتاب الصیام باب ما جاء فی الشهر تسع وعشرون 1656، 1657

فَأَخْبَرَنِي عُرْوَةُ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا قَالَتْ لَمَّا مَضَتْ تِسْعٌ وَعِشْرُونَ لَيْلَةً أَعُدُّهُنَّ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ـ قَالَتْ بَدَأَ بِي ـ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّكَ أَقْسَمْتَ أَنْ لَا تَدْخُلَ عَلَيْنَا شَهْرًا وَإِنَّكَ دَخَلْتَ مِنْ تِسْعٍ وَعِشْرِينَ أَعُدُّهُنَّ فَقَالَ إِنَّ الشَّهْرَ تِسْعٌ وَعِشْرُونَ [2520]

انتیس راتیں جنہیں میں گن رہی تھی گذر گئیں تو رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے۔ انہوں (حضرت عائشہؓ) نے کہا کہ حضورؐ نے ابتداء مجھ سے کی میں نے کہا یا رسولؐ اللہ! آپؐ نے تو قسم کھائی تھی کہ ایک ماہ تک آپؐ ہمارے پاس تشریف نہ لائیں گے۔ آپؐ انتیسویں دن تشریف لے آئے۔ میں تو دن گنتی رہی ہوں۔ آپؐ نے فرمایا۔ مہینہ اُنتیس دن کا (بھی) ہوتا ہے۔

1800{23}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ ح و حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّهُ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعْتَزَلَ نِسَاءَهُ شَهْرًا فَخَرَجَ إِلَيْنَا فِي تِسْعٍ وَعِشْرِينَ فَقُلْنَا إِنَّمَا الْيَوْمُ تِسْعٌ وَعِشْرُونَ فَقَالَ إِنَّمَا الشَّهْرُ وَصَفَّقَ بِيَدَيْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَحَبَسَ إِصْبَعًا وَاحِدَةً فِي الْآخِرَةِ [2521]

1800: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک ماہ کے لئے اپنی ازواج مطہرات سے الگ ہو گئے۔ پھر انتیسویں دن آپؐ ہمارے پاس تشریف لائے تو ہم نے عرض کیا (آج تو) انتیسواں (دن) ہے۔ آپؐ نے فرمایا مہینہ اس طرح بھی ہوتا ہے اور آپؐ نے اپنے دونوں ہاتھ تین مرتبہ ملائے اور ایک انگلی آخری دفعہ بند کر لی۔

1800 : اطراف : مسلم کتاب الصیام باب الشهر یکون تسعًا و عشرین 1801

تخریج: بخاری کتاب الصوم باب قول النبی اذا رأیتم الهلال فصوموا واذا رأیتموه فافطروا 1910 ، 1911 **ترمذی** کتاب الصوم باب ما جاء لا تقدموا الشهر بصوم 684 ، 685 باب ماجاء ان الشهر یکون تسعًا وعشرون 689 ، 690 **نسائی** کتاب الصیام کم الشهر وذکر الاختلاف علی الزهری فی الخبر عن عائشة 2131، 2132 ذکر خبر ابن عباس فیه 2133، 2134 **ابوداؤد** کتاب الصوم باب الشهر یکون تسعًا وعشرین 2319، 2320 باب من قال فان غم علیکم فصوموا ثلاثین 2327 **ابن ماجه** کتاب الصیام باب ما جاء فی االشهر تسع وعشرون 1656، 1657

1801{24}حَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ وَحَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ قَالَا حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا يَقُولُ اعْتَزَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءَهُ شَهْرًا فَخَرَجَ إِلَيْنَا صَبَاحَ تِسْعٍ وَعِشْرِينَ فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّمَا أَصْبَحْنَا لِتِسْعٍ وَعِشْرِينَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الشَّهْرَ يَكُونُ تِسْعًا وَعِشْرِينَ ثُمَّ طَبَّقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدَيْهِ ثَلَاثًا مَرَّتَيْنِ بِأَصَابِعِ يَدَيْهِ كُلِّهَا وَالثَّالِثَةَ بِتِسْعٍ مِنْهَا [2522]

1801: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کہتے ہیں نبی ﷺ ایک ماہ کیلئے اپنی بیویوں سے الگ ہوئے اور آپؐ ہمارے پاس انتیسویں صبح تشریف لائے۔ کسی نے کہا یا رسولؐ اللہ! ہم نے انتیسویں دن کی صبح کی ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا مہینہ انتیس کا بھی ہوتا ہے۔ پھر آپؐ نے تین مرتبہ اپنے دونوں ہاتھ ملائے۔ دو مرتبہ تو ساری (دس) انگلیوں کے ساتھ اور تیسری مرتبہ نو (انگلیوں کے) ساتھ۔

1802 {25} حَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ

1802: عکرمہ بن عبدالرحمان بن الحارث نے بیان کیا کہ (ام المومنین) حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے انہیں بتایا کہ نبی ﷺ نے قسم کھائی کہ وہ اپنی

1801 : اطراف: مسلم کتاب الصیام باب الشھر یکون تسعًا و عشرین 1800

تخریج: بخاری کتاب الصوم باب قول النبی اذا رأیتم الھلال فصوموا واذا رأیتموہ فافطروا 1910 ، 1911 **ترمذی** کتاب الصوم باب ما جاء لا تقدموا الشھر بصوم 684 ، 685 باب ماجاء ان الشھر یکون تسعًا وعشرون 689 ، 690 **نسائی** کتاب الصیام کم الشھر وذکر الاختلاف علی الزھری فی الخبر عن عائشۃ 2131، 2132 ذکر خبر ابن عباس فیہ 2133، 2134 **ابوداؤد** کتاب الصوم باب الشھر یکون تسعًا وعشرین 2319 ، 2320 باب من قال فان غم علیکم فصوموا ثلاثین 2327 **ابن ماجہ** کتاب الصیام باب ما جاء فی الشھر تسع وعشرون 1656 ، 1657

1802 : تخریج: بخاری کتاب الصوم باب قول النبی اذا رأیتم الھلال فصوموا واذا رأیتموہ فافطروا 1910، 1911 **ترمذی** کتاب الصوم باب ما جاء لا تقدموا الشھر بصوم 684 ، 685 باب ماجاء ان الشھر یکون تسعًا وعشرون 689، 690 **نسائی** کتاب الصیام کم الشھر وذکر الاختلاف علی الزھری فی الخبر عن عائشۃ 2131، 2132 ذکر خبر ابن عباس فیہ 2133 2134 **ابوداؤد** کتاب الصوم باب الشھر یکون تسعًا وعشرین 2319 ، 2320 باب من قال فان غم علیکم فصوموا ثلاثین 2327 **ابن ماجہ** کتاب الصیام باب ما جاء فی االشھر تسع وعشرون 1656 ، 1657

مُحَمَّدِ بْنِ صَيْفِيٍّ أَنَّ عِكْرِمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ أَخْبَرَهُ أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا أَخْبَرَتْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَلَفَ أَنْ لَا يَدْخُلَ عَلَى بَعْضِ أَهْلِهِ شَهْرًا فَلَمَّا مَضَى تِسْعَةٌ وَعِشْرُونَ يَوْمًا غَدَا عَلَيْهِمْ – أَوْ رَاحَ – فَقِيلَ لَهُ حَلَفْتَ يَا نَبِيَّ اللَّهِ أَنْ لَا تَدْخُلَ عَلَيْنَا شَهْرًا قَالَ إِنَّ الشَّهْرَ يَكُونُ تِسْعَةً وَعِشْرِينَ يَوْمًا حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا رَوْحٌ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا الضَّحَّاكُ يَعْنِي أَبَا عَاصِمٍ جَمِيعًا عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ [2524,2523]

بعض بیویوں کے ہاں ایک ماہ تک نہیں جائیں گے۔ جب انتیس دن گزر رے تو صبح یا شام کے وقت آپؐ ان کے پاس تشریف لے گئے آپؐ سے عرض کیا گیا۔ اے اللہ کے نبیؐ! آپؐ نے تو قسم کھائی تھی کہ ایک ماہ تک ہمارے ہاں نہیں آئیں گے۔ آپؐ نے فرمایا مہینہ انتیس دن کا بھی ہوتا ہے۔

1803 {26} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ ضَرَبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ عَلَى الْأُخْرَى فَقَالَ الشَّهْرُ هَكَذَا وَهَكَذَا ثُمَّ نَقَصَ فِي الثَّالِثَةِ إِصْبَعًا [2525]

1803: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنا ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ پر مارا اور فرمایا مہینہ اس طرح اور اس طرح ہوتا ہے پھر تیسری مرتبہ آپؐ نے ایک انگلی کم کردی۔

1803 :**اطراف**: مسلم كتاب الصيام باب الشهر يكون تسعًا وعشرين 1804

تخريج: نسائی كتاب الصيام ذكر الاختلاف على اسماعيل فی خبر سعد بن مالک فيه 2135، 2136، 2137 ذكر الاختلاف على يحيىٰ بن ابی كثير فی خبر ابی سلمة فيه 2140، 2141، 2142 **ابن ماجه** كتاب الصيام باب ماجاء فی الشهر تسع وعشرون 1657

1804{27} وحَدَّثَنِي الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّاءَ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ إِسْمَعِيلَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الشَّهْرُ هَكَذَا وَهَكَذَا وَهَكَذَا عَشْرًا وَعَشْرًا وَتِسْعًا مَرَّةً و حَدَّثَنِيه مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ قُهْزَاذَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ وَسَلَمَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَا أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ يَعْنِي ابْنَ الْمُبَارَكِ أَخْبَرَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ فِي هَذَا الْإِسْنَادِ بِمَعْنَى حَدِيثِهِمَا [2527,2526]

1804: محمد بن سعد اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا مہینہ اس طرح، اس طرح اور اس طرح ہوتا ہے۔ دس، دس اور ایک دفعہ نو (کا اشارہ کیا)۔

[5] 5:بَاب بَيَانِ أَنَّ لِكُلِّ بَلَدٍ رُؤْيَتَهُمْ وَأَنَّهُمْ إِذَا رَأَوُا الْهِلَالَ بِبَلَدٍ لَا يَثْبُتُ حُكْمُهُ لِمَا بَعُدَ عَنْهُمْ

اس امر کا بیان کہ ہر علاقے کے لئے ان کی اپنی رؤیت ہے اور یہ کہ جب لوگ کسی علاقے میں نیا چاند دیکھ لیں تو اس کا حکم جو ان سے دور ہیں اُن پر نافذ نہیں ہوگا

1805{28} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَيَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ وَابْنُ حُجْرٍ قَالَ يَحْيَى بْنُ

1805: کریب سے روایت ہے کہ ام فضل بنت حارث نے انہیں امیر معاویہؓ کے پاس شام بھیجا۔ وہ

1804 :اطراف: مسلم کتاب الصیام باب الشهر یکون تسعًا وعشرین 1803

تخریج: نسائی کتاب الصیام ذکر الاختلاف علی اسماعیل فی خبر سعد بن مالک فیه 2135، 2136، 2137 ذکر الاختلاف علی یحییٰ بن ابی کثیر فی خبر ابی سلمة فیه 2140، 2141، 2142 ابن ماجه کتاب الصیام باب ماجاء فی الشهر تسع وعشرون 1657

1805 : تخریج : ترمذی کتاب الصوم باب ما جاء لکل اهل بلد رؤیتهم 693 نسائی کتاب الصیام اختلاف اهل الآفاق فی الرؤیة 2111 ابو داؤد کتاب الصوم باب اذا رُئي الهلال فی بلد قبل الآخرین بلیلة 2332

يَحْيَى أَخْبَرَنَا وَقَالَ الْآخَرُونَ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ وَهُوَ ابْنُ جَعْفَرٍ عَنْ مُحَمَّدٍ وَهُوَ ابْنُ أَبِي حَرْمَلَةَ عَنْ كُرَيْبٍ أَنَّ أُمَّ الْفَضْلِ بِنْتَ الْحَارِثِ بَعَثَتْهُ إِلَى مُعَاوِيَةَ بِالشَّامِ قَالَ فَقَدِمْتُ الشَّامَ فَقَضَيْتُ حَاجَتَهَا وَاسْتُهِلَّ عَلَيَّ رَمَضَانُ وَأَنَا بِالشَّامِ فَرَأَيْتُ الْهِلَالَ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ ثُمَّ قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ فِي آخِرِ الشَّهْرِ فَسَأَلَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا ثُمَّ ذَكَرَ الْهِلَالَ فَقَالَ مَتَى رَأَيْتُمُ الْهِلَالَ فَقُلْتُ رَأَيْنَاهُ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ فَقَالَ أَنْتَ رَأَيْتَهُ فَقُلْتُ نَعَمْ وَرَآهُ النَّاسُ وَصَامُوا وَصَامَ مُعَاوِيَةُ فَقَالَ لَكِنَّا رَأَيْنَاهُ لَيْلَةَ السَّبْتِ فَلَا نَزَالُ نَصُومُ حَتَّى نُكْمِلَ ثَلَاثِينَ أَوْ نَرَاهُ فَقُلْتُ أَوَ لَا تَكْتَفِي بِرُؤْيَةِ مُعَاوِيَةَ وَصِيَامِهِ فَقَالَ لَا هَكَذَا أَمَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَشَكَّ يَحْيَى بْنُ يَحْيَى فِي نَكْتَفِي أَوْ تَكْتَفِي [2528]

کہتے ہیں میں شام آیا اور ان کا کام مکمل کیا۔ میں شام میں (ہی) تھا کہ رمضان کا چاند مجھ پر طلوع ہوا۔ میں نے نیا چاند جمعہ کی رات دیکھا۔ پھر مہینہ کے آخر پر میں مدینہ آ گیا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے مجھ سے (حال احوال) پوچھا پھر نئے چاند کا ذکر کیا اور کہا تم نے نیا چاند کب دیکھا؟ میں نے کہا ہم نے اسے جمعہ کی رات دیکھا ۔ انہوں نے کہا تم نے خود اسے دیکھا؟ میں نے کہا ہاں اور دوسرے لوگوں نے (بھی) اسے دیکھا اور انہوں نے روزہ رکھا اور امیر معاویہؓ نے بھی روزہ رکھا۔ انہوں نے کہا لیکن ہم نے اسے ہفتہ کی رات دیکھا ہم روزے رکھتے رہیں گے یہاں تک کہ تیس پورے کر لیں یا ہم اسے (چاند کو) دیکھ لیں۔ میں نے کہا کیا آپ کے لئے امیر معاویہؓ کی رؤیت اور ان کا روزہ رکھنا کافی نہیں تو انہوں نے کہا نہیں، ہمیں رسول اللہ ﷺ نے ایسا ہی حکم دیا تھا۔

راوی یحیٰی بن یحیٰی کو شک ہے کہ نَكْتَفِي کہا یا تَكْتَفِي کہا۔

[6]6:بَاب بَيَانِ أَنَّهُ لَا اعْتِبَارَ بِكِبَرِ الْهِلَالِ وَصِغَرِهِ وَأَنَّ اللَّهَ تَعَالَى أَمَدَّهُ لِلرُّؤْيَةِ فَإِنْ غُمَّ فَلْيُكْمَلْ ثَلَاثُونَ

اس بات کا بیان کہ نئے چاند کے بڑے یا چھوٹے ہونے کی کوئی حیثیت نہیں اور یہ کہ اللہ تعالیٰ نے اسے رؤیت کے لئے بڑھا دیا ہے اگر بادل وغیرہ ہوں تو چاہئے کہ تیس پورے کئے جائیں

1806{29}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ قَالَ خَرَجْنَا لِلْعُمْرَةِ فَلَمَّا نَزَلْنَا بِبَطْنِ نَخْلَةَ قَالَ تَرَاءَيْنَا الْهِلَالَ فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ هُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ هُوَ ابْنُ لَيْلَتَيْنِ قَالَ فَلَقِينَا ابْنَ عَبَّاسٍ فَقُلْنَا إِنَّا رَأَيْنَا الْهِلَالَ فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ هُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ هُوَ ابْنُ لَيْلَتَيْنِ فَقَالَ أَيَّ لَيْلَةٍ رَأَيْتُمُوهُ قَالَ فَقُلْنَا لَيْلَةَ كَذَا وَكَذَا فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللَّهَ مَدَّهُ لِلرُّؤْيَةِ فَهُوَ لِلَيْلَةٍ رَأَيْتُمُوهُ[2529]

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَدَاةَ عَاشُورَاءَ إِلَى قُرَى الْأَنْصَارِ الَّتِي حَوْلَ الْمَدِينَةِ مَنْ كَانَ أَصْبَحَ صَائِمًا فَلْيُتِمَّ صَوْمَهُ وَمَنْ كَانَ أَصْبَحَ مُفْطِرًا فَلْيُتِمَّ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ فَكُنَّا بَعْدَ ذَلِكَ نَصُومُهُ وَنُصَوِّمُ صِبْيَانَنَا الصِّغَارَ مِنْهُمْ إِنْ شَاءَ اللَّهُ وَنَذْهَبُ إِلَى الْمَسْجِدِ فَنَجْعَلُ لَهُمُ اللُّعْبَةَ مِنَ الْعِهْنِ فَإِذَا بَكَى أَحَدُهُمْ عَلَى الطَّعَامِ أَعْطَيْنَاهَا إِيَّاهُ عِنْدَ الْإِفْطَارِ

وہ اپنا روزہ پورا کرے اور جس نے صبح کو کچھ کھالیا تو وہ باقی دن اپنا روزہ مکمل کرے۔ اس کے بعد ہم اس (دن) روزہ رکھا کرتے تھے اور اگر اللہ چاہتا تو ہم حسب توفیق اپنے چھوٹے بچوں میں سے (بھی) بعض کو روزہ رکھواتے اور ہم مسجد جاتے اور ان بچوں کے لئے پشم کا کھلونا بناتے۔ جب ان میں سے کوئی (بچہ) کھانے کے لئے روتا تھا تو ہم روزہ کھلنے تک ان کو وہ (کھلونا) دے دیا کرتے تھے۔

{137} وحَدَّثَنَاه يَحْيَى بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا أَبُو مَعْشَرٍ الْعَطَّارُ عَنْ خَالِدِ بْنِ ذَكْوَانَ قَالَ سَأَلْتُ الرُّبَيِّعَ بِنْتَ مُعَوِّذٍ عَنْ صَوْمِ عَاشُورَاءَ قَالَتْ بَعَثَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُسُلَهُ فِي قُرَى الْأَنْصَارِ فَذَكَرَ بِمِثْلِ حَدِيثِ بِشْرٍ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ وَنَصْنَعُ لَهُمُ اللُّعْبَةَ مِنَ الْعِهْنِ فَنَذْهَبُ بِهِ مَعَنَا فَإِذَا سَأَلُونَا الطَّعَامَ أَعْطَيْنَاهُمُ اللُّعْبَةَ تُلْهِيهِمْ حَتَّى يُتِمُّوا صَوْمَهُمْ [2670,2669]

ایک اور روایت میں ہے خالد بن ذکوان کہتے ہیں کہ میں نے حضرت رُبَیّع بنت مُعوّذ سے عاشورہ کے روزے کے بارہ میں پوچھا۔ انہوں نے کہا رسول اللہ ﷺ نے انصارؓ کی بستیوں میں اپنے قاصد بھجوائے .... ہاں انہوں نے یہ کہا ہم ان کے لئے پشم کا کھلونا بناتے اور ہم اسے (بچہ کو) اپنے ساتھ لیجاتے۔ پھر جب وہ ہم سے کھانا مانگتے تو ہم انہیں بہلانے کے لئے وہی کھلونا دے دیتے یہاں تک کہ وہ اپنا روزہ پورا کرتے ☆۔

[22]22: بَاب النَّهْيِ عَنْ صَوْمِ يَوْمِ الْفِطْرِ وَيَوْمِ الْأَضْحَى

عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کے دن روزے کی ممانعت کا بیان

1906{138} وحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي

1906: ابن ازہر کے آزاد کردہ غلام ابو عبید سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب

☆ بچوں کو روزہ رکھوانے کے بارہ میں یہ طریق اسلام کی عام تعلیم نہیں ہے اور نہ ہی یہ روایت حدیث کا مقام رکھتی ہے۔

1906 : تخریج: بخاری کتاب فضل الصلاۃ فی مسجد مکۃ ومدینۃ باب مسجد بیت المقدس 1197 کتاب الصوم باب صوم =

عُبَيْدٍ مَوْلَى ابْنِ أَزْهَرَ أَنَّهُ قَالَ شَهِدْتُ الْعِيدَ مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فَجَاءَ فَصَلَّى ثُمَّ انْصَرَفَ فَخَطَبَ النَّاسَ فَقَالَ إِنَّ هَذَيْنِ يَوْمَانِ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صِيَامِهِمَا يَوْمُ فِطْرِكُمْ مِنْ صِيَامِكُمْ وَالْآخَرُ يَوْمٌ تَأْكُلُونَ فِيهِ مِنْ نُسُكِكُمْ[2671]

خطاب رضی اللہ عنہ کے ساتھ نماز عید ادا کی۔ آپؓ تشریف لائے اور نماز ادا کی۔ پھر آپ نے سلام پھیرا اور لوگوں سے خطاب کیا اور فرمایا یہ دو دن ایسے ہیں جن میں رسول اللہ ﷺ نے روزہ رکھنے سے منع فرمایا ہے۔ تمہارے روزوں سے تمہاری افطاری کا دن اور دوسرے وہ دن جس میں تم اپنی قربانیوں میں سے کھاتے ہو۔

1907{139} وحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ صِيَامِ يَوْمَيْنِ يَوْمِ الْأَضْحَى وَيَوْمِ الْفِطْرِ[2672]

1907: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے دو دنوں میں روزہ رکھنے سے منع فرمایا ہے۔ قربانی کے دن اور عید الفطر کے دن۔

1908{140} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ وَهُوَ ابْنُ عُمَيْرٍ عَنْ قَزَعَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ مِنْهُ حَدِيثًا فَأَعْجَبَنِي فَقُلْتُ لَهُ آنْتَ

1908: قزعہ سے روایت ہے انہوں نے حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہوئے کہا کہ میں نے ان سے ایک حدیث سنی جو مجھے اچھی لگی۔ میں نے کہا کیا آپ نے خود یہ رسول اللہ ﷺ سے

=یوم الفطر 1990 ، 1991 باب صوم یوم النحر 1993 ، 1995 کتاب الاضاحی باب مایوکل من لحوم الاضاحی 5571 **ترمذی** کتاب الصوم باب ماجاء فی کراھیة الصوم یوم الفطر والنحر 771 ، 772 **ابو داود** کتاب الصوم باب فی صوم العیدین 2416 2417 باب صیام ایام تشریق 2319 **ابن ماجه** کتاب الصیام باب فی النھی عن صیام یوم الفطر و الاضحی 1721 ، 1722

1907: تخریج: بخاری کتاب فضل الصلاۃ فی مسجد مکۃ ومدینۃ باب مسجد بیت المقدس 1197 کتاب الصوم باب صوم یوم الفطر 1990 ، 1991 کتاب الاضاحی باب مایوکل من لحوم الاضاحی 5571 **ترمذی** کتاب الصوم باب ماجاء فی کراھیة الصوم یوم الفطر والنحر 771 ، 772 **ابو داود** کتاب الصوم باب فی صوم العیدین 2416 ، 2417 باب صیام ایام تشریق 2419 **ابن ماجه** کتاب الصیام باب فی النھی عن صیام یوم الفطر ویوم الاضحی 1721 ، 1722

1908: اطراف: مسلم کتاب الصیام باب النھی عن صوم یوم الفطر 1909 =

سَمِعْتَ هَذَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَأَقُولُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَمْ أَسْمَعْ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ لَا يَصْلُحُ الصِّيَامُ فِي يَوْمَيْنِ يَوْمِ الْأَضْحَى وَيَوْمِ الْفِطْرِ مِنْ رَمَضَانَ[2673]

سنی ہے؟ انہوں نے کہا (کیا) میں رسول اللہ ﷺ کی طرف وہ بات منسوب کروں گا جو میں نے نہیں سنی! انہوں نے کہا میں نے آپ ؐ کو فرماتے ہوئے سنا دو دن روزہ درست نہیں ہے۔ قربانیوں کے دن اور رمضان کے روزوں سے افطار کرنے کے دن۔

1909{141} وحَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ صِيَامِ يَوْمَيْنِ يَوْمِ الْفِطْرِ وَيَوْمِ النَّحْرِ[2674]

1909: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے دو دن روزہ رکھنے سے منع فرمایا (عید) الفطر کے دن اور قربانی کے دن۔

1910{142} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ زِيَادِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا فَقَالَ إِنِّي نَذَرْتُ أَنْ أَصُومَ يَوْمًا فَوَافَقَ يَوْمَ أَضْحَى أَوْ فِطْرٍ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ

1910: زیاد بن جبیر روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں ایک شخص حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس آیا اور کہا کہ میں نے نذر مانی ہے کہ میں ایک دن روزہ رکھوں گا۔ اب وہ روزہ قربانی کے دن یا (اس نے کہا) عیدالفطر کو آرہا ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ

= **تخریج: بخاری** كتاب فضل الصلاة فى مسجد مكة ومدينة باب مسجد بيت المقدس 1197 كتاب الصوم باب صوم يوم الفطر 1990 ، 1991 كتاب الاضاحى باب مايوكل من لحوم الاضاحى 5571 **ترمذى** كتاب الصوم باب ماجاء فى كراهية الصوم يوم الفطر والنحر 771 ، 772 **ابوداود** كتاب الصوم باب فى صوم العيدين 2416 ، 2417 باب صيام ايام تشريق 2419 **ابن ماجه** كتاب الصيام باب فى النهى عن صيام يوم الفطر ويوم الاضحى 1721 ، 1722

1909: اطراف: مسلم كتاب الصيام باب النهى عن صوم يوم الفطر 1908

تخريج: بخارى كتاب فضل الصلاة فى مسجد مكة ومدينة باب مسجد بيت المقدس 1197 كتاب الصوم باب صوم يوم الفطر 1990 ، 1991 كتاب الاضاحى باب مايوكل من لحوم الاضاحى 5571 **ترمذى** كتاب الصوم باب ماجاء فى كراهية الصوم يوم الفطر والنحر 771 ، 772 **ابوداود** كتاب الصوم باب فى صوم العيدين 2416 ، 2417 باب صيام ايام تشريق 2419 **ابن ماجه** كتاب الصيام باب فى النهى عن صيام يوم الفطر ويوم الاضحى 1721 ، 1722

1910: تخريج: بخارى كتاب فضل الصلاة فى مسجد مكة ومدينة باب مسجد بيت المقدس 1197 كتاب الصوم باب =

رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا أَمَرَ اللَّهُ تَعَالَى بِوَفَاءِ النَّذْرِ وَنَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَوْمِ هَذَا الْيَوْمِ[2675]

عنہما نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی نذر پوری کرنے کا حکم دیا ہے اور رسول اللہ ﷺ نے اس دن روزہ رکھنے سے منع فرمایا ہے۔

1911{143} و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ سَعِيدٍ أَخْبَرَتْنِي عَمْرَةُ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا قَالَتْ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَوْمَيْنِ يَوْمِ الْفِطْرِ وَيَوْمِ الْأَضْحَى[2676]

1911: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے دو روزوں سے منع فرمایا ہے۔ عید الفطر کے دن اور عید الاضحیٰ کے دن۔

[23]23: بَاب تَحْرِيمِ صَوْمِ أَيَّامِ التَّشْرِيقِ

ایام تشریق ☆ میں روزہ رکھنے کی ممانعت کا بیان

1912{144} و حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ أَخْبَرَنَا خَالِدٌ عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ عَنْ نُبَيْشَةَ الْهُذَلِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ

1912: حضرت نُبیشہ ھُذلی ؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایام تشریق کھانے اور پینے کے دن ہیں۔

= صوم یوم الفطر 1990، 1991 کتاب الاضاحی باب مایوکل من لحوم الاضاحی 5571 **ترمذی** کتاب الصوم باب ماجاء فی کراھیة الصوم یوم الفطر والنحر 771، 772 **ابوداود** کتاب الصوم باب فی صوم العیدین 2416، 2417 باب صیام ایام تشریق 2419 **ابن ماجه** کتاب الصیام باب فی النھی عن صیام یوم الفطر ویوم الاضحی 1721، 1722

1911 :تخریج: بخاری کتاب فضل الصلاۃ فی مسجد مکة ومدینة باب مسجد بیت المقدس 1197 کتاب الصوم باب صوم یوم الفطر 1990، 1991 کتاب الاضاحی باب مایوکل من لحوم الاضاحی 5571 **ترمذی** کتاب الصوم باب ماجاء فی کراھیة الصوم یوم الفطر والنحر 771، 772 **ابوداود** کتاب الصوم باب فی صوم العیدین 2416، 2417 باب صیام ایام تشریق 2419 **ابن ماجه** کتاب الصیام باب فی النھی عن صیام یوم الفطر ویوم الاضحی 1721، 1722

☆ ایام تشریق سے مراد تین دن یعنی۔ 11۔12۔13 ذوالحجہ ہیں اس نام کی ایک وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ ان ایام میں لوگ قربانیوں کے گوشت دھوپ میں رکھ کر سکھا کر محفوظ کر لیتے تھے۔

1912: تخریج ترمذی کتاب الصوم باب ماجاء فی کراھیة الصوم فی ایام تشریق 773 **نسائی** کتاب الصیام باب صیام ایام التشریق 2418، 2419

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيَّامُ التَّشْرِيقِ أَيَّامُ أَكْلٍ وَشُرْبٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ يَعْنِي ابْنَ عُلَيَّةَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ حَدَّثَنِي أَبُو قِلَابَةَ عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ عَنْ نُبَيْشَةَ قَالَ خَالِدٌ فَلَقِيتُ أَبَا الْمَلِيحِ فَسَأَلْتُهُ فَحَدَّثَنِي بِهِ فَذَكَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ هُشَيْمٍ وَزَادَ فِيهِ وَذِكْرٍ لِلَّهِ[2678,2677]

ایک اور روایت میں یہ اضافہ ہے ''اورذکرالٰہی کے (دن) ہیں''۔

1913{145} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ حَدَّثَهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَهُ وَأَوْسَ بْنَ الْحَدَثَانِ أَيَّامَ التَّشْرِيقِ فَنَادَى أَنَّهُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلَّا مُؤْمِنٌ وَأَيَّامُ مِنًى أَيَّامُ أَكْلٍ وَشُرْبٍ و حَدَّثَنَاه عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ فَنَادَيَا [2680,2679]

1913: حضرت کعبؓ بن مالک بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے انھیں اور حضرت اوسؓ بن حدثان کو ایام تشریق میں بھجوایا اور انہوں نے اعلان کیا کہ جنت میں مومن کے سوا کوئی داخل نہ ہوگا اور منیٰ کے دن کھانے پینے کے دن ہیں۔

ایک اور روایت میں (فَنَادٰی کی بجائے) ''فَنَادَيَا'' کے الفاظ ہیں۔

1913: تخریج ترمذی كتاب الصوم باب ماجاء فی کراهية الصوم فی ايام تشريق 773 **نسائی** كتاب الصيام باب صيام ايام التشريق 2418، 2419

[24]24:بَاب كَرَاهَةِ صِيَامِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ مُنْفَرِدًا

صرف جمعہ کے دن روزہ رکھنے کی ناپسندیدگی کا بیان

1914{146}حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ سَأَلْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا وَهُوَ يَطُوفُ بِالْبَيْتِ أَنَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صِيَامِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَقَالَ نَعَمْ وَرَبِّ هَذَا الْبَيْتِ و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ شَيْبَةَ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ أَنَّهُ سَأَلَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا بِمِثْلِهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[2682,2681]

1914: محمد بن عبّاد بن جعفر سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے جبکہ وہ بیت اللہ کا طواف کر رہے تھے پوچھا کیا رسول اللہ ﷺ نے جمعہ کے دن روزہ رکھنے سے منع فرمایا ہے؟ انہوں نے کہا ہاں اس گھر کے رب کی قسم۔

1915{147} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا حَفْصٌ وَأَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ

1915: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں سے

1914: اطراف: مسلم كتاب الصيام باب كراهية صيام يوم الجمعة منفردًا 1915 ، 1916

تخريج: بخاری كتاب الصوم باب صوم يوم الجمعة واذا اصبح صائمًا... 1984 ، 1985 ، 1986 صوم يوم الجمعة وحده743 ترمذی كتاب الصوم باب ماجاء فی كراهية صوم يوم الجمعة وحده 743 ابو داود كتاب الصوم باب النهى ان يخصّ يوم الجمعة بصومٍ 2420 ابن ماجه كتاب الصيام باب فى صيام يوم الجمعة 1723 ، 1724 ، 1725 باب الرخصة فى ذلک 2422

1915 : اطراف: مسلم كتاب الصيام باب كراهية صيام يوم الجمعة منفردًا 1914، 1916

تخريج: بخاری كتاب الصوم باب صوم يوم الجمعة واذا اصبح صائمًا... 1984 ، 1985 ، 1986 صوم يوم الجمعة وحده743 ترمذی كتاب الصوم باب ماجاء فی كراهية صوم يوم الجمعة وحده 743 ابو داود كتاب الصوم باب النهى ان يخصّ يوم الجمعة بصومٍ 2420 ابن ماجه كتاب الصيام باب فى صيام يوم الجمعة 1723 ، 1724 ، 1725 باب الرخصة فى ذلک 2422

الْأَعْمَشِ ح حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَاللَّفْظُ لَهُ أَخْبَرَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَصُمْ أَحَدُكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ إِلَّا أَنْ يَصُومَ قَبْلَهُ أَوْ يَصُومَ بَعْدَهُ[2683]

کوئی شخص جمعہ کے دن روزہ نہ رکھے سوائے اس کے کہ اس سے پہلے روزہ بھی رکھے یا اس کے بعد بھی روزہ رکھے۔

1916{148} وحَدَّثَنِي أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ يَعْنِي الْجُعْفِيَّ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَخْتَصُّوا لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ بِقِيَامٍ مِنْ بَيْنِ اللَّيَالِي وَلَا تَخُصُّوا يَوْمَ الْجُمُعَةِ بِصِيَامٍ مِنْ بَيْنِ الْأَيَّامِ إِلَّا أَنْ يَكُونَ فِي صَوْمٍ يَصُومُهُ أَحَدُكُمْ [2684]

1916: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا راتوں میں سے صرف جمعہ کی رات کو عبادت کے لئے مخصوص نہ کرو اور نہ ہی دنوں میں سے جمعہ کے دن کو روزہ کے لئے خاص کرو، سوائے اس کے کہ وہ دن اس روزہ میں آجائے۔ جس دن تم میں سے کوئی روزہ رکھا کرتا ہے۔

1916 :اطراف: مسلم کتاب الصیام باب کراھیة صیام یوم الجمعة منفردًا 1915

تخریج: بخاری کتاب الصوم باب صوم یوم الجمعة واذا اصبح صائمًا... 1984 ، 1985 ، 1986 صوم یوم الجمعة وحده 743 **ترمذی** کتاب الصوم باب ماجاء فی کراھیة صوم یوم الجمعة وحده 743 **ابو داود** کتاب الصوم باب النھی ان یخصّ یوم الجمعة بصومٍ 2420 **ابن ماجه** کتاب الصیام باب فی صیام یوم الجمعة 1723 ، 1724 ، 1725 باب الرخصة فی ذلک 2422

[25]25: بَاب: بَيَانُ نَسْخِ قَوْلِه تَعَالَى وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ بِقَوْلِه فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ

باب: اللہ تعالیٰ کے ارشاد وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ (وہ لوگ جو فدیہ کی طاقت رکھتے ہیں) کا منسوخ☆ ہونا اس ارشاد سے فَمَنْ شَهِدَ مِنكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ (یہ کہ جو تم میں سے اس مہینہ کو پائے وہ اس کے روزے رکھے)

1917{149}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا بَكْرٌ يَعْنِي ابْنَ مُضَرَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ بُكَيْرٍ عَنْ يَزِيدَ مَوْلَى سَلَمَةَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ كَانَ مَنْ أَرَادَ أَنْ يُفْطِرَ وَيَفْتَدِيَ حَتَّى نَزَلَتِ الْآيَةُ الَّتِي بَعْدَهَا فَنَسَخَتْهَا[2685]

1917: حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ... (ترجمہ) اور جو لوگ اس کی طاقت رکھتے ہوں ان پر فدیہ ایک مسکین کو کھانا کھلانا ہے۔ (البقرہ:185) اس وقت جو شخص چاہتا کہ روزہ نہ رکھے وہ فدیہ دے دیتا یہاں تک کہ وہ آیت نازل ہوئی جو اس کے بعد ہے تو اس نے پہلی آیت (سے جو مفہوم سمجھا گیا تھا اسے) منسوخ کر دیا۔

1918{150}حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ سَوَّادٍ الْعَامِرِيُّ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْأَشَجِّ عَنْ يَزِيدَ مَوْلَى سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ

1918: حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ہم نے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں رمضان گذارا۔ جو چاہتا روزہ رکھتا اور جو چاہتا روزہ نہ رکھتا اور ایک مسکین کا کھانا بطور فدیہ دے دیتا یہاں

☆ کتب احادیث میں جو ناسخ منسوخ کا ذکر آتا ہے اس سے مراد یہ ہے کہ ایک آیت کا جو غلط مفہوم بعض لوگوں نے لیا اس کی دوسری آیت نے اصلاح کر دی۔ اس طرح پہلا غلط مفہوم منسوخ ہو گیا۔

1917: اطراف: مسلم كتاب الصيام باب بيا ن نسخ قوله تعالىٰ وعلى الذين يطيقونهٗ فدية.... 1918

تخريج: بخاری كتاب الصوم باب وعلى الذين يطيقونه فدية طعام مسكين 1949 تفسير القرآن باب فمن شهد منكم الشهر فليصمه 4506، 4507 **ترمذی** كتاب الصوم باب ما جاء و على الذين يطيقونه 798 **نسائی** كتاب الصيام باب تاويل قول الله عز وجل وعلى الذين يطيقونه ... 2316، 2317 **ابو داود** كتاب الصوم باب نسخ قوله تعالى وعلى الذين يطيقونه فدية 2315، 2316

1918: اطراف: مسلم كتاب الصيام باب بيا ن نسخ قوله تعالىٰ وعلى الذين يطيقونهٗ فدية ... 1917 =

الْأَكْوَعِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّهُ قَالَ كُنَّا فِي رَمَضَانَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ شَاءَ صَامَ وَمَنْ شَاءَ أَفْطَرَ فَافْتَدَى بِطَعَامِ مِسْكِينٍ حَتَّى أُنْزِلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ[2686]

تک کہ یہ آیت نازل ہوئی فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ (بقرہ: 186) پس جو بھی تم میں سے اس مہینہ کو دیکھے تو اس کے روزے رکھے۔

[26]26: بَاب قَضَاءِ رَمَضَانَ فِي شَعْبَانَ

رمضان (کے روزے آئندہ) شعبان میں پورا کرنے کا بیان

1919{151} حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يُونُسَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ قَالَ سَمِعْتُ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا تَقُولُ كَانَ يَكُونُ عَلَيَّ الصَّوْمُ مِنْ رَمَضَانَ فَمَا أَسْتَطِيعُ أَنْ أَقْضِيَهُ إِلَّا فِي شَعْبَانَ الشُّغْلُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْ بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ الزَّهْرَانِيُّ حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ وَذَلِكَ لِمَكَانِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ و حَدَّثَنِيهِ مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ

1919: حضرت ابو سلمہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو فرماتے سنا میرے ذمہ رمضان کے روزے ہوتے تھے اور میں رسول اللہ ﷺ (کی خدمت میں) مصروفیت کی وجہ سے انہیں سوائے شعبان کے مہینہ کے پورا کرنے کا موقعہ نہ پاتی تھی۔ راوی کہتے ہیں یا یہ کہا "اَلشُّغْلُ بِرَسُولِ اللّٰهِ ﷺ"

ایک روایت میں ہے کہ یہ (حضرت عائشہؓ کے) رسول اللہ ﷺ کی ذمہ داریوں کی ادائیگی کی وجہ سے تھا۔

ایک اور روایت میں "لِمَكَانِهَا مِنَ النَّبِيِّ ﷺ" کے الفاظ ہیں ☆۔

=تخریج: بخاری کتاب الصوم باب وعلی الذین یطیقونہ فدیۃ طعام مسکین 1949 تفسیر القرآن باب فمن شهد منكم الشهر فليصمه 4506، 4507 ترمذی کتاب الصوم باب ما جاء و علی الذین یطیقونہ 798 نسائی کتاب الصیام باب تاویل قول اللہ عز وجل وعلی الذین یطیقونہ ... 2316، 2317 ابو داؤد کتاب الصوم باب نسخ قوله تعالی وعلی الذین یطیقونہ فدیۃ 2315، 2316

1919 :اطراف: مسلم کتاب الصیام باب قضاء رمضان فی شعبان 1920 =

☆ احادیث اور تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ ازواج مطہرات اور خاندانِ نبویؐ کے دیگر افراد عبادت، خدمت دین اور خدمت مخلوق میں حد درجہ مصروف رہتے تھے۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَ فَظَنَنْتُ أَنَّ ذَلِكَ لِمَكَانِهَا مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْيَى يَقُولُهُ و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ ح و حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ كِلَاهُمَا عَنْ يَحْيَى بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَلَمْ يَذْكُرَا فِي الْحَدِيثِ الشُّغْلُ بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[2690,2689,2688,2687]

ایک دوسری روایت میں اَلشُّغُلُ بِرَسُولِ اللّٰهِ ﷺ کے الفاظ نہیں۔
ایک اور روایت میں ہے راوی کہتے ہیں کہ میرا خیال ہے کہ یہ حضرت عائشہؓ کے رسول اللہ ﷺ کی ذمہ واریوں کی ادائیگی کی وجہ سے تھا۔

1920{152} وحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُمَرَ الْمَكِّيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْهَادِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا أَنَّهَا قَالَتْ إِنْ كَانَتْ إِحْدَانَا لَتُفْطِرُ فِي زَمَانِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا تَقْدِرُ

1920: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں ہم (ازواج مطہرات) میں سے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں کسی ایک کو جو روزے چھوڑنے پڑتے تھے۔ وہ رسول اللہ ﷺ کی معیت میں ان کو پورا کرنے کا موقعہ نہیں پاتی تھیں یہاں تک کہ شعبان کا مہینہ آ جاتا۔

=**تخریج: بخاری** کتاب الصوم باب متی یقضی قضاء رمضان 1950 **ترمذی** کتاب الصوم باب ماجاء فی تاخیر قضاء رمضان 783 **نسائی** کتاب الصیام الاختلاف علی محمد بن ابراهیم فیه 2178 وضع الصیام عن الحائض 2319 **ابو داود** کتاب الصوم باب تاخیر قضاء رمضان 2399

1920 :اطراف: مسلم کتاب الصیام باب قضاء رمضان فی شعبان 1919

تخریج : بخاری کتاب الصوم باب متی یقضی قضاء رمضان 1950 **ترمذی** کتاب الصوم باب ماجاء فی تاخیر قضاء رمضان 783 **نسائی** کتاب الصیام الاختلاف علی محمد بن ابراهیم فیه 2178 وضع الصیام عن الحائض 2319 **ابو داود** کتاب الصوم باب تاخیر قضاء رمضان 2399

عَلَى أَنْ تَقْضِيَهُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى يَأْتِيَ شَعْبَانُ[2691]

[27]27:بَاب قَضَاءِ الصِّيَامِ عَنِ الْمَيِّتِ

باب:وفات یافتہ کی طرف سے (چھٹے ہوئے) روزوں کے پورا کرنے کا بیان

1921{153}وحَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ وَأَحْمَدُ بْنُ عِيسَى قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ مَاتَ وَعَلَيْهِ صِيَامٌ صَامَ عَنْهُ وَلِيُّهُ[2692]

1921:حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص فوت ہو جائے اور اس کے ذمہ روزے ہوں تو اس کی طرف سے اس کا ولی روزے رکھ لے۔

1922{154}و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا أَنَّ امْرَأَةً أَتَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ إِنَّ

1922:حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک عورت رسول اللہ ﷺ کے پاس آئی اور اس نے کہا میری ماں فوت ہوگئی ہے اور اس کے ذمہ ایک ماہ کے روزے ہیں۔اس پر آپؐ نے فرمایا تمہارا کیا خیال ہے اگر اس کے ذمہ کوئی قرض ہوتا تو

1921 :تخریج : بـ ـاری کتاب الصوم باب من مات و علیه صوم 1952 ، 1953 **ترمذی** کتاب الصوم باب ماجا فی الصوم عن المیت 716 **نسائی** کتاب الایمان والنذور من نذر ان یصوم ثم مات ... 3816 من مات وعلیه نذر 3817 ، 3818 ، 3819 **ابوداود** کتاب الصوم باب فیمن مات وعلیه صیام 2400 ، 2401 کتاب الایمان والنذر باب فی قضاء النذر عن المیت 3307 3308 باب ماجاء فیمن مات وعلیه صیام صام عنه ولیه 3310 ، 3311

1922:اطراف: **مسلم** کتاب الصیام باب قضاء الصیام عن المیت 1923 , 1924

تخریج : **بخاری** کتاب الصوم باب من مات و علیه صوم 1952 ، 1953 **ترمذی** کتاب الصوم باب ماجا فی الصوم عن المیت 716 **نسائی** کتاب الایمان والنذور من نذر ان یصوم ثم مات ... 3816 من مات وعلیه نذر 3817 ، 3818 ، 3819 **ابوداود** کتاب الصوم باب فیمن مات وعلیه صیام 2400 ، 2401 کتاب الایمان والنذر باب فی قضاء النذر عن المیت 3307 ، 3308 باب ماجاء فیمن مات وعلیه صیام صام عنه ولیه 3310 ، 3311

أُمِّي مَاتَتْ وَعَلَيْهَا صَوْمُ شَهْرٍ فَقَالَ أَرَأَيْت لَوْ كَانَ عَلَيْهَا دَيْنٌ أَكُنْت تَقْضِينَهُ قَالَتْ نَعَمْ قَالَ فَدَيْنُ اللَّهِ أَحَقُّ بِالْقَضَاءِ[2693]

تم اسے ادا کرتیں؟ اس نے کہا ہاں آپؐ نے فرمایا پھر اللہ کا قرض زیادہ حق رکھتا ہے کہ (اسے) ادا کیا جائے۔

1923{155} و حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ الْوَكِيعِيُّ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ أُمِّي مَاتَتْ وَعَلَيْهَا صَوْمُ شَهْرٍ أَفَأَقْضِيهِ عَنْهَا فَقَالَ لَوْ كَانَ عَلَى أُمِّكَ دَيْنٌ أَكُنْتَ قَاضِيَهُ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَدَيْنُ اللَّهِ أَحَقُّ أَنْ يُقْضَى قَالَ سُلَيْمَانُ فَقَالَ الْحَكَمُ وَسَلَمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ جَمِيعًا وَنَحْنُ جُلُوسٌ حِينَ حَدَّثَ مُسْلِمٌ بِهَذَا الْحَدِيثِ فَقَالَا سَمِعْنَا مُجَاهِدًا يَذْكُرُ هَذَا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ و حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ وَالْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ وَمُسْلِمٍ الْبَطِينِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ

1923: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ایک شخص نبی ﷺ کی خدمت میں آیا اور عرض کیا کہ یا رسولؐ اللہ! میری ماں فوت ہوگئی ہے اور اس کے ذمہ ایک ماہ کے روزے ہیں۔ کیا میں وہ اس کی طرف سے رکھوں؟ آپؐ نے فرمایا اگر تمہاری والدہ پر قرضہ ہوتا تو کیا تم اس کی طرف سے وہ ادا کرتے؟ اس نے کہا جی ہاں۔ آپؐ نے فرمایا تو اللہ کا قرض زیادہ حق رکھتا ہے کہ ادا کیا جائے۔

1923: اطراف: مسلم کتاب الصیام باب قضاء الصیام عن المیت 1922, 1924

تخریج : بخاری کتاب الصوم باب من مات و علیه صوم 1952 ، 1953 **ترمذی** کتاب الصوم باب ماجا فی الصوم عن المیت716 **نسائی** کتاب الایمان والنذور من نذر ان یصوم ثم مات ...3816 من مات وعلیه نذر3817 ، 3818 ،3819 **ابو داود** کتاب الصوم باب فیمن مات وعلیه صیام 2400 ،2401 کتاب الایمان والنذر باب فی قضاء النذر عن المیت 3307 ، 3308 باب ماجاء فیمن مات وعلیه صیام صام عنه ولیه 3310 ، 3311

وَمُجَاهِدٍ وَعَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَذَا الْحَدِيثِ[2695,2694]

1924{156} و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ وَابْنُ أَبِي خَلَفٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ جَمِيعًا عَنْ زَكَرِيَّاءَ بْنِ عَدِيٍّ قَالَ عَبْدٌ حَدَّثَنِي زَكَرِيَّاءُ بْنُ عَدِيٍّ أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ عُتَيْبَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ أُمِّي مَاتَتْ وَعَلَيْهَا صَوْمُ نَذْرٍ أَفَأَصُومُ عَنْهَا قَالَ أَرَأَيْتِ لَوْ كَانَ عَلَى أُمِّكِ دَيْنٌ فَقَضَيْتِيهِ أَكَانَ يُؤَدِّي ذَلِكِ عَنْهَا قَالَتْ نَعَمْ قَالَ فَصُومِي عَنْ أُمِّكِ[2696]

1924: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ایک عورت رسول اللہ ﷺ کے پاس آئی اور کہنے لگی یا رسولؐ اللہ! میری ماں فوت ہوگئی ہے اور اس کے ذمہ نذر کے روزے تھے کیا میں اس کی طرف سے روزے رکھوں؟ آپؐ نے فرمایا تمہارا کیا خیال ہے اگر تمہاری ماں کے ذمہ کوئی قرض ہوتا اور تم اسے ادا کرتیں تو کیا وہ اس کی طرف سے ادا ہو جاتا؟ اس نے کہا جی ہاں۔ آپؐ نے فرمایا پھر اپنی ماں کی طرف سے روزے رکھو۔

1925{157} و حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ أَبُو الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَطَاءٍ عَنْ عَبْدِ

1925: عبداللہ بن بریدہ اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں اس اثناء میں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھا تھا کہ آپؐ کے پاس

1924 :اطراف: مسلم كتاب الصيام باب قضاء الصيام عن الميت 1922, 1923

تخريج : بخارى كتاب الصوم باب من مات و عليه صوم 1952 ، 1953 ترمذى كتاب الصوم باب ماجا فى الصوم عن الميت 716 نسائى كتاب الايمان والنذور من نذر ان يصوم ثم مات ...3816 من مات وعليه نذر3817 ، 3818 ،3819 ابوداود كتاب الصوم باب فيمن مات وعليه صيام 2400 ، 2401 كتاب الايمان والنذر باب فى قضاء النذر عن الميت 3307 ، 3308 باب ماجاء فيمن مات وعليه صيام صام عنه وليه 3310 ، 3311

1925:تخريج : ترمذى كتاب الحج باب ماجاء فى الحج عن الشيخ الكبير والميت929 زكوٰة عن رسول الله باب ماجاء فى =

اللَّهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ بَيْنَا أَنَا جَالِسٌ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ أَتَتْهُ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ إِنِّي تَصَدَّقْتُ عَلَى أُمِّي بِجَارِيَةٍ وَإِنَّهَا مَاتَتْ قَالَ فَقَالَ وَجَبَ أَجْرُكِ وَرَدَّهَا عَلَيْكِ الْمِيرَاثُ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّهُ كَانَ عَلَيْهَا صَوْمُ شَهْرٍ أَفَأَصُومُ عَنْهَا قَالَ صُومِي عَنْهَا قَالَتْ إِنَّهَا لَمْ تَحُجَّ قَطُّ أَفَأَحُجُّ عَنْهَا قَالَ حُجِّي عَنْهَا {158} و حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَطَاءٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ ابْنِ مُسْهِرٍ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ صَوْمُ شَهْرَيْنِ و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا الثَّوْرِيُّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ بِمِثْلِهِ وَقَالَ صَوْمُ شَهْرٍ و حَدَّثَنِيهِ إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى عَنْ سُفْيَانَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَ صَوْمُ

ایک عورت آئی اس نے کہا کہ میں نے اپنی ماں کو ایک لونڈی صدقہ دی تھی اور وہ (ماں) فوت ہوگئی ہے۔آپؐ نے فرمایا تمہارا اجر واجب ہوگیا اور ورثہ نے اسے (لونڈی کو) تمہارے پاس لوٹا دیا۔وہ کہنے لگی یا رسولؐ اللہ! اس (ماں) کے ذمہ ایک ماہ کے روزے تھے کیا میں اس کی طرف سے روزے رکھوں؟ آپؐ نے فرمایا اس کی طرف سے روزے رکھو۔اس نے کہا اس نے کبھی حج نہیں کیا تھا کیا میں اس کی طرف سے حج کرلوں؟ آپؐ نے فرمایا اس کی طرف سے حج کرلو۔

ایک اور روایت میں (بَيْنَ اَنَا جَالِسٌ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ کی بجائے) كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ کے الفاظ ہیں اسی طرح (صَوْمُ شَهْرٍ کی بجائے) صَوْمُ شَهْرَيْنِ کے الفاظ ہیں۔

ایک اور روایت میں (اَتَتْهُ امْرَأَةٌ کی بجائے) جَاءَتِ امْرَأَةٌ اِلَى النَّبِيِّ ﷺ کے الفاظ ہیں۔

ایک اور روایت میں (جَاءَتِ امْرَأَةٌ کی بجائے) اَتَتِ امْرَأَةٌ اِلَى النَّبِيِّ ﷺ کے الفاظ ہیں۔

= المتصدق يرث صدقته667 **ابو داود** كتاب الزكاة باب من تصدق بصدقة ثم ورثها 1656 كتاب الوصايا باب في الرجل يهب الهبة ثم يوصى له بها او يرثها 2877 كتاب الايمان والنذور باب في قضاء النذر عن الميت 3307 ، 3308 ، 3309 **ابن ماجه** كتاب الصيام باب من مات وعليه الصيام من نذر1758 ، 1759 كتاب الاحكام باب من تصدق بصدقة ثم ورثها 2394

شَهْرَيْنِ و حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِي خَلَفٍ حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَطَاءٍ الْمَكِّيِّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ أَتَتِ امْرَأَةٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِهِمْ وَقَالَ صَوْمُ شَهْرٍ [2701,2700,2699,2698,2697]

[28]28: بَاب: الصَّائِمُ يُدْعَى لِطَعَامٍ فَلْيَقُلْ إِنِّي صَائِمٌ

باب: روزے دار کو کھانے کی دعوت دی جائے تو کہے میں روزے سے ہوں

1926{159} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالُوا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ رِوَايَةً و قَالَ عَمْرٌو يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ و قَالَ زُهَيْرٌ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا دُعِيَ أَحَدُكُمْ إِلَى طَعَامٍ وَهُوَ صَائِمٌ فَلْيَقُلْ إِنِّي صَائِمٌ [2702]

1926: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کسی کو کھانے کی دعوت دی جائے اور وہ روزے سے ہو تو وہ کہہ دے کہ میں روزے سے ہوں۔

1926: تخریج: ترمذی كتاب الصوم باب ما جاء في اجابة الصائم الدعوة 780 ، 781 **ابو داود** كتاب الصوم باب في الصائم يدعى الى وليمة 2460 باب ما يقول الصائم اذا دعى الى الطعام 2461 **ابن ماجه** كتاب الصيام باب من دعى الى طعام وهو صائم 1750 ، 1751

[29]29:بَاب حِفْظِ اللِّسَانِ لِلصَّائِمِ

روزے دار کے لئے زبان کی حفاظت کا بیان

1927{160}حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ رِوَايَةً قَالَ إِذَا أَصْبَحَ أَحَدُكُمْ يَوْمًا صَائِمًا فَلَا يَرْفُثْ وَلَا يَجْهَلْ فَإِنِ امْرُؤٌ شَاتَمَهُ أَوْ قَاتَلَهُ فَلْيَقُلْ إِنِّي صَائِمٌ إِنِّي صَائِمٌ [2703]

1927: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں کہ جب تم میں سے کوئی کسی دن روزہ دار ہو تو وہ جسمانی خواہشات کی باتیں نہ کرے اور نہ ہی لڑائی جھگڑا کرے اور اگر کوئی شخص اس سے گالی گلوچ کرے یا لڑے تو وہ کہے میں روزہ دار ہوں میں روزہ دار ہوں۔

[30]30:بَاب فَضْلِ الصِّيَامِ

روزے رکھنے کی فضیلت کا بیان

1928{161}و حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى التُّجِيبِيُّ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ كُلُّ عَمَلِ ابْنِ آدَمَ لَهُ إِلَّا الصِّيَامَ هُوَ لِي وَأَنَا

1928: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ اللہ عزوجل فرماتا ہے ابن آدم کا ہر عمل اس کے اپنے لئے ہے سوائے روزہ کے۔ وہ میرے لئے ہے اور میں اس کی جزا دوں گا اور اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمدؐ کی جان ہے روزے دار کے منہ کی بو اللہ کے نزدیک مشک کی خوشبو سے زیادہ عمدہ ہے۔

1927 : اطراف: **مسلم** کتاب الصیام باب فضل الصیام 1928, 1929, 1930, 1931, 1932

تخریج: بخاری کتاب الصوم باب فضل الصوم 1894 باب هل یقول انی صائم اذا شُتِمَ 1904 **ترمذی** کتاب الصوم باب ماجاء فی فضل الصوم 764 **نسائی** کتاب الصیام ذکر الاختلاف علی ابی صالح فی هذا الحدیث 2216, 2217 باب ذکر الاختلاف علی محمد بن ابی یعقوب فی حدیث ابی امامة فی فضل الصائم 2234 **ابو داود** کتاب الصوم باب الغیبة للصائم 2363 **ابن ماجه** کتاب الصیام باب ماجاء فی الغیبة والرفث للصائم 1691

1928 : اطراف: **مسلم** کتاب الصیام باب فضل الصیام 1927, 1929, 1930, 1931, 1932

تخریج : بخاری کتاب الصوم باب فضل الصوم 1894 باب هل یقول انی صائم اذا شُتِمَ 1904 کتاب اللباس باب ما یذکر =

أَجْزِي بِهِ فَوَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَخُلْفَةُ فَمِ الصَّائِمِ أَطْيَبُ عِنْدَ اللَّهِ مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ [2704]

1929{162}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَا حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ وَهُوَ الْحِزَامِيُّ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصِّيَامُ جُنَّةٌ [2705]

1929: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا روزہ ڈھال ہے۔

1930{163} و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي عَطَاءٌ عَنْ أَبِي صَالِحٍ الزَّيَّاتِ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ كُلُّ عَمَلِ ابْنِ آدَمَ لَهُ إِلَّا الصِّيَامَ

1930: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ بزرگ و برتر فرماتا ہے کہ ابن آدم کا ہر عمل اس کے اپنے لئے ہے سوائے روزے کے وہ میرے لئے ہے اور میں خود اس کی جزا دوں گا۔ روزہ ڈھال ہے جس دن تم میں سے کسی کا روزہ ہو تو وہ جسمانی خواہشات کی باتیں نہ کرے

= فی المسک 5927 کتاب التوحید باب قول اللہ تعالیٰ یریدون ان یبدلوا کلام اللہ 7492 باب ذکر النبیؐ وروایتہ عن ربہ 7538 **ترمذی** کتاب الصوم باب ماجاء فی فضل الصوم 764 **نسائی** کتاب الصیام باب ذکر الاختلاف علی ابی صالح فی ھذا الحدیث 2213، 2214، 2215، 2216، 2217، 2218، 2219 **ابن ماجه** کتاب الصیام باب ماجاء فی فضل الصیام 1638

1929 :اطراف:مسلم کتاب الصیام باب فضل الصیام 1927, 1928, 1930, 1931, 1932

تخریج : بخاری کتاب الصوم باب فضل الصوم 1894 باب ھل یقول انی صائم اذا شُتِمَ 1904 کتاب اللباس باب ما یذکر فی المسک 5927 کتاب التوحید باب قول اللہ تعالیٰ یریدون ان یبدلوا کلام اللہ 7492 باب ذکر النبیؐ وروایتہ عن ربہ 7538 **ترمذی** کتاب الصوم باب ماجاء فی فضل الصوم 764 **نسائی** کتاب الصیام باب ذکر الاختلاف علی ابی صالح فی ھذا الحدیث 2213، 2214، 2215، 2216، 2217، 2218، 2219 **ابن ماجه** کتاب الصیام باب ماجاء فی فضل الصیام 1638

1930 :اطراف:مسلم کتاب الصیام باب فضل الصیام 1927, 1928, 1929, 1931, 1932=

فَإِنَّهُ لِي وَأَنَا أَجْزِي بِهِ وَالصِّيَامُ جُنَّةٌ فَإِذَا كَانَ يَوْمُ صَوْمِ أَحَدِكُمْ فَلَا يَرْفُثْ يَوْمَئِذٍ وَلَا يَسْخَبْ فَإِنْ سَابَّهُ أَحَدٌ أَوْ قَاتَلَهُ فَلْيَقُلْ إِنِّي امْرُؤٌ صَائِمٌ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَخُلُوفُ فَمِ الصَّائِمِ أَطْيَبُ عِنْدَ اللَّهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ وَلِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ يَفْرَحُهُمَا إِذَا أَفْطَرَ فَرِحَ بِفِطْرِهِ وَإِذَا لَقِيَ رَبَّهُ فَرِحَ بِصَوْمِهِ[2706]

اور نہ شور شرابا کرے اور اگر کوئی شخص اس سے گالی گلوچ کرے یا اس سے لڑے تو وہ کہے میں روزے دار ہوں۔ اور اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمدؐ کی جان ہے روزے دار کے منہ کی بو اللہ کے نزدیک قیامت کے دن مشک کی خوشبو سے زیادہ عمدہ ہوگی۔ روزے دار کے لئے دو خوشیاں ہیں جن سے وہ خوش ہوتا ہے۔ جب وہ روزہ افطار کرتا ہے تو اپنا روزہ کھولنے پر خوش ہوتا ہے۔ اور جب وہ اپنے رب سے ملے گا تو اپنے روزہ کی وجہ سے خوش ہوگا۔

1931{164} وحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ وَوَكِيعٌ عَنِ الْأَعْمَشِ ح و حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ ح و حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

1931: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ابن آدم کے ہر عمل کو بڑھایا جاتا ہے ایک نیکی کا اجر دس گنا سے سات سو گنا تک ہے۔ اللہ بزرگ و برتر فرماتا ہے سوائے روزے کے کہ وہ میرے لئے ہے اور میں خود اس کی جزا دوں گا۔ وہ اپنی خواہش اور اپنا

=**تخریج: بخاری** کتاب الصوم باب فضل الصوم 1894 باب هل یقول انی صائم اذا شُتِمَ 1904 کتاب اللباس باب ما یذکر فی المسک 5927 کتاب التوحید باب قول الله تعالیٰ یریدون ان یبدلوا کلام الله 7492 باب ذکر النبیؐ وروایته عن ربه 7538 **ترمذی** کتاب الصوم باب ماجاء فی فضل الصوم 764 **نسائی** کتاب الصیام باب ذکر الاختلاف علی ابی صالح فی هذا الحدیث 2213، 2214، 2215، 2216، 2217، 2218، 2219 **ابن ماجه** کتاب الصیام باب ماجاء فی فضل الصیام 1638

1931 : اطراف: مسلم کتاب الصیام باب فضل الصیام 1927، 1928، 1929، 1930، 1932

تخریج: بخاری کتاب الصوم باب فضل الصوم 1894 باب هل یقول انی صائم اذا شُتِمَ 1904 کتاب اللباس باب ما یذکر فی المسک 5927 کتاب التوحید باب قول الله تعالیٰ یریدون ان یبدلوا کلام الله 7492 باب ذکر النبیؐ وروایته عن ربه 7538 **ترمذی** کتاب الصوم باب ماجاء فی فضل الصوم 764 **نسائی** کتاب الصیام باب ذکر الاختلاف علی ابی صالح فی هذا الحدیث 2213، 2214، 2215، 2216، 2217، 2218، 2219 **ابن ماجه** کتاب الصیام باب ماجاء فی فضل الصیام 1638

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ عَمَلِ ابْنِ آدَمَ يُضَاعَفُ الْحَسَنَةُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا إِلَى سَبْعمِائَة ضِعْفٍ قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَّا الصَّوْمَ فَإِنَّهُ لِي وَأَنَا أَجْزِي بِهِ يَدَعُ شَهْوَتَهُ وَطَعَامَهُ مِنْ أَجْلِي لِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ فَرْحَةٌ عِنْدَ فِطْرِهِ وَفَرْحَةٌ عِنْدَ لِقَاءِ رَبِّهِ وَلَخُلُوفُ فِيهِ أَطْيَبُ عِنْدَ اللَّهِ مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ[2707]

کھانا میرے لئے چھوڑتا ہے روزہ دار کے لئے دو خوشیاں ہیں: ایک خوشی اسے اپنے افطار پر اور ایک خوشی اسے اپنے رب سے ملنے پر ہوگی اور اس کے منہ کی بو اللہ کے نزدیک مشک کی خوشبو سے بھی زیادہ عمدہ ہے۔

1932{165} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنْ أَبِي سِنَانٍ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ وَأَبِي سَعِيدٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ إِنَّ الصَّوْمَ لِي وَأَنَا أَجْزِي بِهِ إِنَّ لِلصَّائِمِ فَرْحَتَيْنِ إِذَا أَفْطَرَ فَرِحَ وَإِذَا لَقِيَ اللَّهَ فَرِحَ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَخُلُوفُ فَمِ الصَّائِمِ أَطْيَبُ عِنْدَ اللَّهِ مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ و حَدَّثَنِيهِ إِسْحَقُ بْنُ عُمَرَ بْنِ

1932: حضرت ابو ہریرہ اور حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے روزہ میرے لئے ہے اور میں خود اس کی جزا دوں گا روزے دار کے لئے دو خوشیاں ہیں: جب وہ روزہ افطار کرتا ہے تو خوش ہوتا ہے اور جب اللہ سے ملے گا تو خوش ہوگا۔ اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمدؐ کی جان ہے روزے دار کے منہ کی بو اللہ کے نزدیک مشک کی خوشبو سے زیادہ عمدہ ہے۔

ایک اور روایت میں (اِذَا لَقِیَ اللّٰہَ فَرِحَ کی

1932 : اطراف: مسلم کتاب الصیام باب فضل الصیام1927 ,1928 ,1929 ,1930 ,1931

تخریج : بخاری کتاب الصوم باب فضل الصوم 1894 باب هل يقول انى صائم اذا شُتِمَ 1904 كتاب اللباس باب ما يذكر فى المسک 5927 کتاب التوحيد باب قول الله تعالىٰ يريدون ان يبدلوا كلام الله 7492 باب ذكر النبیؐ وروايته عن ربه 7538 **ترمذی** كتاب الصوم باب ماجاء فى فضل الصوم 764 **نسائی** كتاب الصيام باب ذكر الاختلاف على ابى صالح فى هذا الحديث 2213 ، 2214 ، 2215 ، 2216 ، 2217 ، 2218 ، 2219 **ابن ماجه** كتاب الصيام باب ماجاء فى فضل الصيام 1638

سَلِيطٍ الْهُذَلِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا ضِرَارُ بْنُ مُرَّةَ وَهُوَ أَبُو سِنَانٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ قَالَ وَقَالَ إِذَا لَقِيَ اللَّهَ فَجَزَاهُ فَرِحَ[2709,2708]

بجائے) اِذَا لَقِیَ اللّٰہَ فَجَزَاہُ فَرِحَ کے الفاظ ہیں۔

1933{166}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ وَهُوَ الْقَطَوَانِيُّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ فِي الْجَنَّةِ بَابًا يُقَالُ لَهُ الرَّيَّانُ يَدْخُلُ مِنْهُ الصَّائِمُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَا يَدْخُلُ مَعَهُمْ أَحَدٌ غَيْرُهُمْ يُقَالُ أَيْنَ الصَّائِمُونَ فَيَدْخُلُونَ مِنْهُ فَإِذَا دَخَلَ آخِرُهُمْ أُغْلِقَ فَلَمْ يَدْخُلْ مِنْهُ أَحَدٌ[2710]

1933: حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جنت میں ایک دروازہ ہے جسے ریّان کہتے ہیں جس سے روزے دار قیامت کے دن داخل ہوں گے ان کے ساتھ ان کے سوا کوئی داخل نہ ہوگا۔ کہا جائے گا روزے دار کہاں ہیں؟ پس وہ اس میں سے داخل ہوں گے جب ان کا آخری آدمی داخل ہو جائے گا تو وہ بند کر دیا جائے گا۔ پھر اس میں سے کوئی داخل نہ ہو گا۔

[31]31:بَاب فَضْلِ الصِّيَامِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ لِمَنْ يُطِيقُهُ بِلَا ضَرَرٍ وَلَا تَفْوِيتِ حَقٍّ

اللہ کی راہ میں روزے رکھنے کی فضیلت کا بیان اس کے لئے جو اس کی طاقت رکھتا ہے بغیر کوئی نقصان پہنچائے اور کوئی حق ضائع کرنے کے

1934{167}و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحِ بْنِ الْمُهَاجِرِ أَخْبَرَنِي اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ الْهَادِ عَنْ

1934: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

1933 :تخریج :بخاری کتاب الصوم باب الریان للصائمین 1896، 1897 کتاب بدء الخلق باب صفة ابواب الجنة 3257 کتاب الفضائل باب قول النبیؐ لو کنت متخذًا خلیلًا...3666 **ترمذی** کتاب الصوم باب ماجاء فی فضل الصوم765 **نسائی** کتاب الصیام باب ذکر الاختلاف علی محمد ابن ابی یعقوب...2236، 2237، 2238 **ابن ماجه** کتاب الصیام باب ماجاء فی فضل الصیام 1640

1934: اطراف: مسلم کتاب الصیام باب فضل الصیام فی سبیل اللہ لمن یطیقه ...1935 =

سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ أَبِي عَيَّاشٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ عَبْدٍ يَصُومُ يَوْمًا فِي سَبِيلِ اللَّهِ إِلَّا بَاعَدَ اللَّهُ بِذَلِكَ الْيَوْمِ وَجْهَهُ عَنِ النَّارِ سَبْعِينَ خَرِيفًا و حَدَّثَنَاه قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي الدَّرَاوَرْدِيَّ عَنْ سُهَيْلٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ [2712,2711]

کوئی بندہ کسی دن اللہ کی راہ میں روزہ نہیں رکھتا مگر اللہ تعالیٰ اس دن کی وجہ سے اس کے چہرے سے آگ کو ستر سال دور کر دیتا ہے۔

1935 {168} و حَدَّثَنِي إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ وَسُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ أَنَّهُمَا سَمِعَا النُّعْمَانَ بْنَ أَبِي عَيَّاشٍ الزُّرَقِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ صَامَ يَوْمًا فِي سَبِيلِ اللَّهِ بَاعَدَ اللَّهُ وَجْهَهُ عَنِ النَّارِ سَبْعِينَ خَرِيفًا [2713]

1935: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا جس نے ایک دن اللہ کی راہ میں روزہ رکھا اللہ تعالیٰ اس کے چہرے کو آگ سے ستر سال کی دوری پر رکھے گا۔

= **تخریج:** **بخاری** کتاب الجهاد باب فضل الصوم فی سبیل الله 2840 **ترمذی** کتاب الفضائل باب ماجاء فی فضل الصوم فی سبیل الله 1622 ، 1623 **نسائی** کتاب الصیام باب ثواب من صام یومًا فی سبیل الله عزوجل.. 2244, 2245, 2246, 2247 ، 2248, 2249, 2250 ذکر الاختلاف علی سفیان الثوری فیه 2251 ، 2252 ، 2253 ، 2254 **ابن ماجه** کتاب الصیام باب فی صیام یوم فی سبیل الله 1717، 1718

1935 : اطراف: **مسلم** کتاب الصیام باب فضل الصیام فی سبیل الله لمن یطیقه ... 1934

تخریج: **بخاری** کتاب الجهاد باب فضل الصوم فی سبیل الله 2840 **ترمذی** کتاب الفضائل باب ماجاء فی فضل الصوم فی سبیل الله 1622 ، 1623 **نسائی** کتاب الصیام باب ثواب من صام یومًا فی سبیل الله عزوجل.. 2244, 2245, 2246, 2247 ، 2248, 2249, 2250 ذکر الاختلاف علی سفیان الثوری فیه 2251 ، 2252 ، 2253 ، 2254 **ابن ماجه** کتاب الصیام باب فی صیام یوم فی سبیل الله 1717، 1718

[32]32: بَاب: جَوَازُ صَوْمِ النَّافِلَةِ بِنِيَّةٍ مِنَ النَّهَارِ قَبْلَ الزَّوَالِ وَجَوَازُ فِطْرِ الصَّائِمِ نَفْلًا مِنْ غَيْرِ عذْرٍ

باب: نفلی روزے کی نیت دن کے وقت زوال سے قبل کرنے کا جواز اور نفلی روزہ بغیر عذر کے کھولنے کا جواز

1936{169} و حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ حَدَّثَتْنِي عَائِشَةُ بِنْتُ طَلْحَةَ عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ يَا عَائِشَةُ هَلْ عِنْدَكُمْ شَيْءٌ قَالَتْ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا عِنْدَنَا شَيْءٌ قَالَ فَإِنِّي صَائِمٌ قَالَتْ فَخَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأُهْدِيَتْ لَنَا هَدِيَّةٌ أَوْ جَاءَنَا زَوْرٌ قَالَتْ فَلَمَّا رَجَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أُهْدِيَتْ لَنَا هَدِيَّةٌ أَوْ جَاءَنَا زَوْرٌ وَقَدْ خَبَأْتُ لَكَ شَيْئًا قَالَ مَا هُوَ قُلْتُ حَيْسٌ قَالَ هَاتِيهِ فَجِئْتُ بِهِ فَأَكَلَ ثُمَّ قَالَ قَدْ كُنْتُ أَصْبَحْتُ صَائِمًا قَالَ طَلْحَةُ

1936: ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ کہتی ہیں رسول اللہ ﷺ نے ایک دن مجھے فرمایا اے عائشہؓ کیا تمہارے پاس کچھ (کھانے کو) ہے؟ وہ کہتی ہیں میں نے کہا یا رسولؐ اللہ! ہمارے پاس کچھ نہیں۔ آپؐ نے فرمایا تو پھر میرا روزہ ہے۔ وہ کہتی ہیں رسول اللہ ﷺ باہر تشریف لے گئے ہمیں کوئی تحفہ بھجوایا گیا۔ یا ہمارے ہاں کوئی ملنے والا آیا۔ وہ کہتی ہیں پھر رسول اللہ ﷺ جب واپس تشریف لائے میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! ہمیں تحفہ بھجوایا گیا ہے۔ یا (کہا) ہمارے ہاں کوئی ملنے والا آیا تھا۔ اور میں نے آپؐ کے لئے کچھ الگ رکھ لیا۔ آپؐ نے پوچھا وہ کیا ہے؟ میں نے کہا حیس ☆ ہے۔ فرمایا وہ لے آؤ۔ میں آپؐ کے پاس لے گئی آپؐ نے کھا کر فرمایا میں نے روزہ رکھ لیا تھا۔ طلحہ کہتے ہیں میں نے مجاہد کو یہ روایت سنائی۔ انہوں

☆ کھجور، جو اور گھی سے بنایا جانے والا کھانا

1936: اطراف: مسلم کتاب الصیام باب جواز صوم النافلة بنية من النهار قبل الزوال...1937

تخریج: نسائی کتاب الصیام النیة فی الصیام والاختلاف علی طلحة بن یحیٰ بن طلحة...2322، 2323، 2324، 2325، 2326، 2327، 2328، 2329، 2330 **ابو داود** کتاب الصوم باب فی الرخصة فی ذلک 2455

فَحَدَّثْتُ مُجَاهِدًا بِهَذَا الْحَدِيثِ فَقَالَ ذَاكَ بِمَنْزِلَةِ الرَّجُلِ يُخْرِجُ الصَّدَقَةَ مِنْ مَالِهِ فَإِنْ شَاءَ أَمْضَاهَا وَإِنْ شَاءَ أَمْسَكَهَا[2714]

نے کہا کہ یہ اس شخص کی طرح ہے جو اپنے مال سے صدقہ نکالتا ہے پھر اگر وہ چاہے تو آگے اسے جاری کرے اور اگر چاہے تو اسے روک رکھے۔

1937{170} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى عَنْ عَمَّتِهِ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ فَقَالَ هَلْ عِنْدَكُمْ شَيْءٌ فَقُلْنَا لَا قَالَ فَإِنِّي إِذَنْ صَائِمٌ ثُمَّ أَتَانَا يَوْمًا آخَرَ فَقُلْنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ أُهْدِيَ لَنَا حَيْسٌ فَقَالَ أَرِينِيهِ فَلَقَدْ أَصْبَحْتُ صَائِمًا فَأَكَلَ[2715]

1937: ام المؤمنین حضرت عائشہؓ سے روایت ہے وہ کہتی ہیں کہ نبی ﷺ ایک روز میرے پاس تشریف لائے اور فرمایا کیا تمہارے پاس کچھ ہے؟ ہم نے عرض کیا نہیں آپؐ نے فرمایا پھر میں روزے سے ہوں۔ پھر ایک اور دن آپؐ ہمارے پاس تشریف لائے تو ہم نے عرض کیا کہ ہمارے پاس حیس کا تحفہ بھیجا گیا ہے۔ آپؐ نے فرمایا مجھے وہ دکھاؤ تو سہی (اور فرمایا) صبح تو میں روزے سے تھا۔ پھر آپؐ نے اسے تناول فرمایا۔

[33]33: بَاب: أَكْلُ النَّاسِي وَشُرْبُهُ وَجِمَاعُهُ لَا يُفْطِرُ

باب: بھول جانے والے کا کھانے پینے اور تعلقات زوجیت قائم کرنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا

1938{171} وحَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ هِشَامٍ الْقُرْدُوسِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ

1938: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے روزے کی حالت میں بھول کر کچھ کھا لیا یا پی لیا تو

1937: اطراف : مسلم کتاب الصیام باب جواز صوم النافلة بنية من النهار قبل الزوال...1936

تخریج: نسائی کتاب الصیام النیة فی الصیام والاختلاف علی طلحة بن یحییٰ بن طلحة...2322، 2323، 2324، 2325، 2326، 2327، 2328، 2329، 2330 ابوداود کتاب الصوم باب فی الرخصة فی ذلک 2455

1938: تخریج: بخاری کتاب الصوم باب الصائم اذا أکل أو شرب ناسیًا 1933 کتاب الایمان والنذور باب اذا حنث ناسیًا فی الایمان 6669 ترمذی کتاب الصوم باب ماجاء فی الصائم یاکل او یشرب ناسیًا 721 ابوداود کتاب الصوم باب من أکل ناسیًا 2398 ابن ماجه کتاب الصیام باب ماجاء فیمن افطر ناسیًا 1673، 1674

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ مَنْ نَسِيَ وَهُوَ صَائِمٌ فَأَكَلَ أَوْ شَرِبَ فَلْيُتِمَّ صَوْمَهُ فَإِنَّمَا أَطْعَمَهُ اللَّهُ وَسَقَاهُ[2716]

اسے چاہئے کہ وہ اپنا روزہ پورا کرے۔ اسے تو اللہ نے کھلایا اور پلایا ہے۔

[34]34: بَابُ صِيَامِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ فِي غَيْرِ رَمَضَانَ وَاسْتِحْبَابِ أَنْ لَا يُخْلِيَ شَهْرًا عَنْ صَوْمٍ

نبی ﷺ کا رمضان کے علاوہ روزہ رکھنے کا بیان اور (آپؐ کا) پسند کرنا کہ کوئی مہینہ روزہ سے خالی نہ چھوڑیں

1939{172}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ سَعِيد الْجُرَيْرِيِّ عَنْ عَبْد اللَّه بْنِ شَقِيقٍ قَالَ قُلْتُ لِعَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا هَلْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ يَصُومُ شَهْرًا مَعْلُومًا سِوَى رَمَضَانَ قَالَتْ وَاللَّه إِنْ صَامَ شَهْرًا مَعْلُومًا سِوَى رَمَضَانَ حَتَّى مَضَى لِوَجْهِه وَلَا أَفْطَرَهُ حَتَّى يُصِيبَ مِنْهُ[2717]

1939: عبداللہ بن شقیق سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کیا نبی ﷺ نے رمضان کے علاوہ بھی کسی معیّن مہینے کے پورے روزے رکھے؟ انہوں نے کہا اللہ کی قسم آپؐ نے رمضان کے علاوہ کسی معیّن مہینہ کے پورے روزے نہیں رکھے یہاں تک کہ آپؐ کی وفات ہوگئی اور نہ ہی ایسا ہوا کہ کوئی خاص مہینہ سارا آپؐ نے روزہ نہ رکھا ہو بلکہ اس میں کچھ دن (ضرور) روزے رکھے۔

1939: اطراف: مسلم کتاب صلاۃ المسافرین باب جامع صلاۃ اللیل ومن نام عنه او مرض 1225, 1226, 1227 کتاب الصیام باب صیام النبیؐ فی غیر رمضان...1940, 1941, 1942, 1943

تخریج: بخاری کتاب الصوم باب صوم شعبان 1969 **ترمذی** کتاب الصوم باب ماجاء فی وصال شعبان برمضان 736 باب ماجاء فی سرد الصوم 768 **نسائی** کتاب قیام الیل باب قیام اللیل 1601 الاختلاف علی عائشة فی احیاء اللیل 1641 کتاب الصیام الاختلاف علی محمد بن ابراهیم فیه 2177، 2178 ذکر الاختلاف الفاظ الناقلین لخبر عائشة فیه 2179، 2180، 2182، 2183، 2184، 2185 باب صوم النبیؐ بابی هو وامی... 2346، 2348، 2349، 2351، 2355 **ابوداود** کتاب الصلاة باب فی صلاة اللیل 1342 کتاب الصوم باب کیف کان یصوم النبی ﷺ 2434 **ابن ماجه** کتاب الصیام باب ماجاء فی صیام النبی ﷺ 1710

